بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وخدامہ بعدد کل معلوم لک ورحمۃ وخلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

مکشوفاتِ منازلِ احسانؒ

المعروف بہ

مقالاتِ حکمتِ دارالاحسانؒ

لِلتَّفہیم وَالتَّوزِیع فِی سَبِیلِ اللہِ

الاشتغال و النفع

لِجمیعِ اُمّۃِ رسولِ اللہِ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

لمرضات اللہ تعالیٰ ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آمین

مؤلف: محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المقام النجاف الصحاف لمقبول المصطفین ۵ دارالاحسان فیصل آباد
پاکستان

تاریخ — امروز سعیدہ جمعۃ المبارک ۲۷ رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ

جلد ہشتم

طبع: — اول
مطبع: — نثار آرٹ پریس لمیٹڈ لاہور
طابع: — المستفیض دارالاحسان فیصل آباد

مقام اشاعت

المستفیض دارالاحسان چک ۲۲۲ (دسوہہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پنجاب پاکستان
فون نمبر ۴۶۶۰۰

سبحان الحی القیوم

یا احد یا صمد
یا حی یا قیوم

۹۱۳۶

دُنیا وَحشت کی ایک وادی ہے
طویل و تاریک
سنسان و ویران
اداس و خاموش
کسی طرح ختم ہونے میں نہیں آتی۔
لیکن جب رحمت آجاتی ہے
آن کی آن میں
وحشت، مِٹ جاتی ہے
ویرانی، دُور ہوجاتی ہے
دہشت، کافور ہوجاتی ہے
بجھی بجھی صبح
جو کبھی نہیں مُسکراتی

مُسکرانے لگتی ہے

لُٹی لُٹی شام

جو کبھی نہیں نکھرتی، پیرہن بدلنے لگتی ہے

بگڑی، بن جاتی ہے۔ اُجڑی بس جاتی ہے

یاس و حزن کے سب جام

گرادئے جاتے ہیں اور

سب جام ایک ایک کرکے

صبُوحی سے لبریز کر دیئے جاتے ہیں اور

یہ سب

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی

سفارش و شفاعت سے ہوتا ہے۔

سیدنا حَیٌ اَدمؐ صلے اللہ علیہ وسلم

سیدنا کَرِیمؐ صلے اللہ علیہ وسلم یا حیُّ یا قیوم

الحمد لله على النبی فالله خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

٦٢٢٧

بتا تو سہی ! بولنے والے نے کیا حاصل کیا ؟

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

٦٢٢٨

رفاہِ عام میں ذات پات کی تمیز نہیں ہوتی
کسی کے لیے مخصوص نہیں ہوتی۔
عوام کے لیے ہوتی ہے۔ عوام ہی اسکا استقبال
کرتے ہیں۔ یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

٦٢٢٩

عام کو خاص میں تبدیل کرنا ، خیانت نہیں تو

کیا ہے ؟ یا محیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۶۲۴۰

قیمتی لحاف، جو غُربا کے لیے عنایت کیے جاتے ہیں
وہی غربا میں تقسیم ہوں، ادل بدل کر نہیں۔ یا محیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۶۲۴۱

کسی سے بھی پوچھنے کی ضرورت نہیں۔ اپنے دل سے
پوچھ کیا تو حاسد ہے ؟

متقی، حاسد نہیں ہوتا
جو حاسد ہے، متقی نہیں

حسد، تقویٰ کو باطل کردیتا ہے ۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۴۲

باتوں سے کبھی کوئی بات نہیں بنی

جب بھی بنی

کسی کرنی ہی کے کرنے پہ بنی

مٹی نے کسی سے کیا لینا ہوتا ہے اور
مٹی کو کسی نے کیا دینا ہوتا ہے ! ایک ساز
ہے جو مٹی کے اندر بجتا ہے اور کچھ بھی نہیں ۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۴۴

نہ آدم نہ حوا، نہ جنت نہ دوزخ
یہ سب قدرت کے کھیل ہیں۔
آپ ہی نے بنائے، آپ ہی نے رچائے
اور آپ ہی نے لبھائے ہوئے ہیں۔ نہ کوئی
مومن ہے نہ کافر، نہ نیک ہے نہ بد، نہ غافل
ہے نہ ہوشیار،
ارادتِ ازلی ہی کے تحت نقل و حرکت پہ گامزن۔

جو چاہتا ہے، کرتا ہے
جیسے چاہتا ہے، کرواتا ہے
کسی کو بھی دم مارنے کی جرأت نہیں۔
خود ہی محوِ تماشا

قدرت کا یہ تماشا، ازل سے شروع ہے،
ابد تک رہے گا۔

دلکش اور دل افروز تماشا
" وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا "

قدرت پر اعتراض ـــــ یاس و حزن
موافقت ـــــ رحمت اضافی راحت

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الراحمین
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۴۲

کتاب مبین اور کتاب مکنون
کی تصدیق اور استقبال توحید ہی نے کیا۔

موحّد وہ ہے جو
کبھی نہ گھبرائے
ہر حال میں مُسکرائے
کسی اور کو
کبھی خاطر میں نہ لائے

یا حیّ یا قیوم

[illegible]
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۳۵

بعض مقامات پہ
تفریحات و مشروبات کا اہتمام نہیں ہوتا۔
کھانے اور سونے کے لیے کوئی وقت معیّن نہیں ہوتا۔
چلتے چلتے آؤ اور کھاؤ

لیٹے لیٹے لیٹو اور سو جاؤ۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد لله الحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٢٣٦

ان کے پاس کوئی بھی علم نہ تھا، اُمّی تھے۔
ادب ہی کی بدولت جملہ منازل طے کیں۔
اور ہر مجلس میں سرفہرست رہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد لله الحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

٩٢٢٧

ایمان کی تصدیق کے سلسلہ میں

سوال: صرف اس بات پر مطمئن کریں کہ

ارض وسما کی ہر مخلوق کی ہر بات،

کوئی کیسے سُن سکتا ہے ؟

جواب : سننے والا ہر کسی کے اندر موجود ہے۔

ملتمس ۔ شکریہ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

واللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

۶۲۲۸

جو باتیں ہم کرتے ہیں، کوئی اور

سُن لے تو شرمندہ ہو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

واللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

۶۲۴۹

میں تو تیری دعوت پہ روز آتا ہوں

بن بلائے آتا ہوں۔

ڈنڈے کھا کر لوٹ جاتا ہوں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
واللہ حسیب الرّقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۵۰

دستور العمل بنا

تیرا پہلا کام لاچار و بیمار کے دکھ کا مداوا ہو۔

راحت کا سامان مہیا کر ـــــ دوا ہو یا غذا

اور یہ روز ہو۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
واللہ حسیب الرّقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۵۱

اور نہیں ، تو دو میں سے ایک روٹی ضرور دیا کر۔　　　یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
واللہ حبیب الرّحیم
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۵۲

"علاؤالدین" میرے پیر کی رگ رگ میں رچا ہوا تھا جب جوش میں آتے ، علاؤالدین کہتے اور کہتے پر مجبور ہو جاتے۔ مسجد گونج جاتی ۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
واللہ حبیب الرّحیم
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۵۳

مجمع الجزائر میں کئی جزیرے ہوتے ہیں۔
ہر جزیرہ اپنی الگ حیثیت رکھتا ہے۔

بعض ایسے ہیں جن کے نام تک سے ہم ناآشنا ہیں
بنانے والا ہی جانتا ہے، کوئی دوسرا نہیں۔
ان جزیروں کے باشندے آدم زاد ہوتے ہیں۔ آدم
خور بھی۔ اپنی خوراک اور پوشاک کے لیے جزائر ہی کی پیداوار
پر انحصار کرتے ہیں۔
ان کی باتیں بھی عجیب و غریب ہوتی ہیں۔ آگ میں بے
دھڑک کود جاتے ہیں۔
دہکتے انگاروں پر اطمینان سے چلتے اور ساز بجاتے
ہوئے رقص کرتے ہیں۔
یہ بھی کوئی علم ہوگا جسے ہم نہیں جانتے۔
جب کوئی مر جاتا ہے، اس کا سر کاٹ کر قبیلے کے سردار
کو کھانے کے لیے پیش کرتے ہیں۔
ایک دوسرے سے ان کا محبت سے ملنا ایسے ہوتا ہے

جیسے گھور گھور کر کسی کو ڈرانا۔
بحری نوادرات، جو کسی بھی قیمت پہ یہاں دستیاب نہیں
ان کے سردار اور پیشواؤں کے گلے کے ہاروں میں سجے
ہوتے ہیں۔ بحری سرتاج مچھلی ان کے دسترخوان کی زینت
ہوتی ہے۔ کسی ضابطے کے پابند نہیں ہوتے۔
جو چاہتے ہیں، کرتے ہیں
جو چاہتے ہیں، کھاتے ہیں
حرام و حلال میں مطلق تمیز نہیں رکھتے
قبیلوں میں رہتے ہیں
اپنے سردار کے جانثار، وفادار اور فرماں بردار ہوتے
ہیں کسی نہ کسی انداز میں اِلٰـــہ کی بندگی
بھی کرتے ہیں۔ اپنے اعتقادات کے خلاف
کچھ بھی سننے پہ تیار نہیں ہوتے۔

دین اسلام کا مبلّغ ابھی تک وہاں نہیں پہنچا۔
شدت سے منتظر ہیں۔

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ

یاحی یاقیوم

الحمد لمن ختم
[illegible]
و لہ ذوالفضل العظیم

۹۲۵۲

مذاہب سے بالا ہو کر تبلیغ کر

مذہب میں ـــــ اختلاف

دین میں ـــــ وحدت

اختلاف ـــــ موجبِ فساد

وحدت میں محبت

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

٩٢٥٥

جز تو تیری اور میری پہنچ سے دُور کی بات
ہے یک شہر میں ایک منڈی، دوسری سے مختلف
ہوتی ہے۔ یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

٩٢٥٦

دین کا حاصل ملعون و مردار سے اجتناب
اگر یہ نہیں، گویا کچھ بھی نہیں

کسی نے بھی ملعون و مردار سے کبھی اجتناب نہیں کیا، ہمہ تن و من ان ہی کے حصول میں سرگرداں ۔

ہر کوئی جانتا ہے لیکن کسی نے بھی ان کی کبھی مخالفت نہیں کی ۔

کیا کسی کی تبلیغ ! کیا اس کا حاصل !

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
قالہ حسین الزرقانی

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۲۵۷

بیل کو کس نے سکھایا کر لیٹ کر سہارا لے ؟ یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم　قالہ حسین الزرقانی

واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۵۸

پیشین گوئی، احمقانہ فکر کی حرکت ہے۔ یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۵۹

نقل کرنا تیری عادت ہے۔
نیکی کی بھی کیا کر۔ یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۶۰

ظلم، انسان کے اندر بدترین مادہ ہے۔
مظلوم، ظالم کی تاب لا سکتا ہے،
ظالم، مظلوم کی نہیں۔
ظلم، ظالم کو کھا جاتا ہے۔

تاریخ نے اس کو مان لیا

یا حی یا قیوم

[illegible]

[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

٦٢٩١

یہ مقالات حکمت گر روز بھی لکھیں، کوئی مضائقہ نہیں۔ اور یک دارہ ہو کر ہی رہتے ہیں۔

جو بھی شے، اللہ اور اللہ کے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک ملعون ہے اور مردود ہے، اس سے باز رہنا ہی دین کی اصل اور محبت کی اتباع ہے۔

جب تک کوئی ملعون و مردار سے پاک نہیں ہوتا ناپاک ہی رہتا ہے

ناپاکی میں طہارت نہیں اور طہارت کے

کے بغیر نماز نہیں۔ یہی طریقت کی حقیقت ہے۔ یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۶۲۶۲

سیمات کے جوہر ہی سیمات کی شفا ہوتے ہیں۔

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۶۲۶۳

ہر مادہ کثیف ہوتا ہے، گھل گھل کر لطیف ہو جاتا ہے اور لطافت، ہر مادے کا جوہر ہے۔
حکما، اس پر متحد

صلی، اسس یہ متفق

یاحیّ یاقیوم

[illegible]
[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۶۴

بیمار ولاچار و نادار مخلوق کے لیے مخصوص خیرات
صدقات و عملیات، مقبول ترین ہوتے ہیں۔

یاحیّ یاقیوم

[illegible]
[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۶۵

قدرتی رنگ سبزے کا رنگ ہے اور
کالا رنگ ہر رنگ پہ حاوی۔ یاحیّ یاقیوم

[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۶۶

محبت کسی کی بھی ہو۔ کسی اور کام کا رہنے
نہیں دیتی کچھ اور کرنے نہیں دیتی
اپنے ہی کام میں محو رکھتی ہے
مبادا کوئی رقیب اس کے قریب جا پہنچے
اور وہ کسی اور خیال میں محو ہو جائے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۶۷

جہادِ اکبر
بدر و حنین کے معرکوں سے کہیں کڑی اور
مشکل ترین منزل۔ یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۴۲۶۸

حکم کرنا میرے اللہ ہی کے لیے لائق و سزاوار ہے۔ ہر حکم اللہ ہی کے حکم کے ماتحت ہوتا ہے اور ہوکر رہتا ہے۔

تسلیم ——— موجب برکات

اعتراض ——— ناپسندیدہ حرکات

یا حی۔ یا قیوم

الحمد للہ علی احسانہ
فالحمد للہ رب العالمین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۴۲۶۹

حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر رہنا، محبت کی سب سے بڑی گستاخی۔ مبادا کسی نہ کسی انداز میں کوئی گستاخی سرزد ہو! یا حی یا قیوم

الحمد للہ علی احسانہ　فالحمد للہ رب العالمین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۲۷۰

مہر اور قہر

ہر وقت ہر وجود میں طاری رہتے ہیں۔

ہر دو ———— مِنَ اللہ !

اور (دُھیان) اپنی دُھن میں محو !

یا حیّ یا قیّوم

المستند للحق ۱۱ محرم
[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۷۱

مطلب کے معمولات ایک، دو، تین

ہوتے ہیں۔ باقی سب ———— عقاریات

معدہ اور خون کے بگاڑ سے جملہ امراض کا ظہور

مطب اپنے انتخاب میں پھولے نہیں سماتا،
شفا کی دُعا کرتا رہتا ہے۔ یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۷۲

جب حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے اللہ سے ہمکلامی کا قصد فرمانے لگے، سب سے پہلے ملائکہ و جنات و شیاطین کو دُور ہٹا دیا گیا۔ طور کو گھپ اندھیر کر دیا گیا، تاکہ ان کے مابین کلام کو کوئی اور نہ سُن سکے۔ گویا
خلوت کی اصل ——— اندھیرا ہے

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

٩٢٧٣

چلتے چلتے مٹی میں مٹی ہونا۔

کسی رنگ و روپ میں پہچانے نہ جانا

راہ مانے نہ ملنے

راہگیر راہ کی منزل ہوتا ہے

دیکھنے والوں کے لیے حیرت کدہ

کرنے والوں کے لیے راحت کدہ

جو، جتنی منزل طے کر لیتا ہے، پھر دوبارہ لوٹ کر

کبھی نہیں آتا، اگلی کا منتظر رہتا ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم

[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

٩٢٧٤

اگر کسی خوش نصیب کو مزید آگے چلنے کا شرف

حاصل ہوتا ہے۔

چلنے لگ جاتا ہے
نہیں تو ڈیرے جماکر
فکر ہی کی لامنتہی وادی میں گم ہو جاتا ہے
کوئی منزل کبھی ضائع نہیں ہوتی
موتی نہیں تو ہیرا تو ضرور بن کر جگمگانے لگتی ہے

یا حی یا قیوم

[illegible]
[illegible]
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۲۰۵

میں نے کیا
میں کرتا ہوں
توحید کی ضد

اس نے کیا
وہ کرتا ہے
توحید کی اصل

جب تک کوئی ضد
کسی کے برمقابل رہتی ہے
جاری رہتی ہے

جب ہار مان لیتی ہے
اطمینان پالیتی ہے

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۷۶

کل کائنات یک زبان ہو کر
اس حقیقت کا اعتراف کرتی ہے
کہ جو کرتا ہے، اللہ کرتا ہے
مزید کس تصدیق کی تصدیق کرتے ہو؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر حافظا
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۷۷

صبح ہوئی۔
ہر کوئی رزق کی تلاش میں نکلا
ہر رزق سے بہتر —— علم و حکمت
اور بہترین —— عشق و رقت

مبارکاً مکرماً مشرفاً

یا حیّ یا قیوم

المستمد للحی القیوم
[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۷۸

جانور عموماً جبر وظلم کا شکار رہتے ہیں۔
تیری خدمت میں شب روز محوِ کار رہتے ہیں۔
مار کٹائی مت کیا کرو۔ کسی کا غصہ جانوروں پہ
مت نکالو۔ یا حیّ یا قیوم

المستمد للحی القیوم
[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۷۹

اپنے علم پہ عمل کیا کرو
ملعون و مُردار سے باز رہا کرو

اس طریق سے بہتر کوئی طریقت نہیں۔

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
واللہ حسبی الرازق
واللہ ذو الفضل العظیم

۴۲۸۰

کرب بلا ہی نے زندگی کو تابناک کیا۔
پیچ و تاب نہ ہوتا، کوئی زندگی نہ ہوتی
جمود طاری ہوتا، مردنی چھائی ہوتی۔

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
واللہ حسبی الرازق
واللہ ذو الفضل العظیم

۴۲۸۱

جو اللہ کی طرف آتا ہے اللہ بھاگ کر اس کی طرف آتا
ہے۔ ہم اللہ کی طرف نہیں، دنیا کی طرف آتے ہیں

ورنہ ایسا ہو ہی نہیں سکتا کہ کوئی صرف اللہ کی طرف
آئے اور اللہ اس کا استقبال نہ کرے۔ یاحیّ یاقیوم

المعتمد للحیّ القیوم
عاقلہ حبیب الرحمٰن

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

۶۲۸۲

ذکر و مذکور کی محفل میں سیاست کو دخل نہیں ہوتا۔

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ

ایسی محافل میں سیاست، بدترین حماقت ہوتی ہے

یاحیّ یاقیوم

المعتمد للحیّ القیوم
عاقلہ حبیب الرحمٰن

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

۶۲۸۳

یہ بھی کوئی کرنے والی بات ہے؟

ہونے پہ آئے تو چٹکی میں ہو جائے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
[illegible]

و اللہ ذو الفضل العظیم

۹۲۸۴

اللہ نے جب بھی اپنی عظمت و عزت و حکومت و قدرت کا مظاہرہ کیا۔ عقل کو دنگ کر کے کیا۔ ہاتھی کے مقابل چڑیا اور جابر کے مقابل مچھر میدان میں آیا اور اسطرح ثابت فرما دیا کہ میری عظمت کے سامنے ہر چیز عاجز، میری عزت کے سامنے ہر شے ذلیل اور میری حکومت کے سامنے ہر شے جھکی ہوئی ہے اور میں نے ہر شے کو اپنی قدرت کے مطیع کیا ہوا ہے اور کوئی بھی مخلوق اسکی نابرد مکرمیں

(اردو ادب کا نیا فرہنگ) یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم [illegible]

وَاللہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۶۲۸۵

قُدرت ——— امرِ کُن فیکون

کسی سازو سامان کی پابند نہیں۔ جو چاہتی ہے، کرنے پہ آتی ہے۔ دم بھر میں کرتی ہے

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۸۶

شخصیت

بھی کسی سازو سامان کی پابند نہیں،

توکلت علی اللہ سفر جاری رکھتی ہے یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]

وَاللہُ ذوالفضل العظیم

۶۲۸۷

باتیں بنانا
بنائے ہی جانا
کسی بھی بات پہ
کوئی بات نہ نبھانا
اگر یہ غنیمت ہے، ہم بھی شیخ ہیں

جو بات کسی کو بتاؤ،
ایک، دو، اور تین بار سمجھاؤ
پھر بھی باز نہ آئے تو میز پہ لے آؤ
اور.........

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فانہ ھو الرزاق
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۸۸

انتخاب مسنون عملیات

عمل بحال، ہر شے بحال۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للہ الحق القیوم
فاللہ خیر الراحمین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۸۹

قدرت نے کبھی کسی کی آزادی کو سلب نہیں کیا جب حد سے گزرنے لگتی ہے، کوئی اور حیلہ کارگر نہیں ہوتا، محدود کر دی جاتی ہے یا حیی یا قیوم

الحمد للہ الحق القیوم
فاللہ خیر الراحمین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۹۰

ہر صنعت کار کا پیراہن، اسکی صنعت کو نمایاں کرتا ہے

جو کبھی نہ بدلا، بدل گیا۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۶۲۹۱

حرکت کسی بھی کام میں ہو، برکت کا موجب ہوتی ہے یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۶۲۹۲

طب کا جدید ترین طریق۔

اهلاً و سهلاً

مبارکاً مکرماً مشرفاً یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۶۲۹۳

یہ مسجد انس و جان کے ذکر کے لیے وقف و مخصوص ہے۔ اس مسجد میں کوئی مکان کبھی نہیں بنانا، نہ ہی کبھی کوئی خیمہ لگانا ہے، اس موجود چھپرے زیادہ کوئی شے نہیں بنانی۔ واللہ باللہ تاللہ ماشاءاللہ

یا حی یا قیوم

الحمد للہ حق حمدہ
واللہ ہو الرحمن الرحیم
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۹۴

ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں، اجر و ثواب سے بالا ہو کر مخلوق ہی کی بھلائی کے لیے کرتے ہیں۔ لاچار، نادار و بیمار کو راحت و آرام پہنچانے کے لیے کرتے ہیں، اور کچھ بھی نہیں کرتے۔

لاچار و بیمار و نادار، اللہ کی وہ مخلوق ہے جو اللہ کو بے حد پسند ہے اس کا احترام کرو اور اکرام۔

وما علینا الا البلاغ

یا حی یا قیوم

[illegible]
[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۹۵

اللہ سے چار چیزیں مانگ

ہدایت مانگ

فضل مانگ

رحمت مانگ

برکت مانگ

گویا ساری خدائی مانگ لی یا حی یا قیوم

[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۹۹

حضرت کڑک علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

اھلاً وسھلاً

مبارکاً مکرماً مشرفاً

تین سو سال گزرے، موضع برہی لودھیانہ میں چلتے چلتے ایک فقیر صاحب نے تکیہ نامی مقام کو رونق بخشی۔ جب قرب جوار میں تشریف لے جاتے گھڑیال بجتا۔ سانڈنی پہ سواری کرتے اور چار فٹ اونچی منجی پہ آرام فرماتے آپ کے وجود کی برکت سے طول و عرض میں چھایا ہوا کفر مغلوب رہتا۔

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ

المستمد من الحی القیوم
[illegible]

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۴۲۹۶

یہ معاملہ
اور میرے تمام معاملات
میرے اللہ رب العالمین اور
میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم
کے حوالے ہیں
میں تو کسی کے کسی معاملہ میں بجز دعا،
کچھ بھی کرنے کی کوئی قدرت نہیں رکھتا۔
دعا کی ہے۔
اللہ اپنے فضل وکرم سے، جملہ معاملات
خیر و برکت سے سلجھاتے۔ یا حی یا قیوم

جو بھی معاملہ اللہ کے حوالے کر دیا جاتا ہے،

للہ ہی اس کا وکیل و کفیل ہوتا ہے۔

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

والله ذوالفضل العظیم

۶۲۹۸

بُو ہو نہ ہو

اور پھول کوئی سا بھی ہو

خوش رنگ ہوتا ہے۔ یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

والله ذوالفضل العظیم

۶۲۹۹

کسی کی ہو تو ہو

تیری نمبرداری

میرے کسی کام نہ آئی !

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاقہ حسبِ الارشاد
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۳۰۰

ایک بیمار روزے کا متحمل نہ تھا۔ عہد کیا کہ روزہ تو میں نے رکھنا نہیں، رکھ سکتا ہی نہیں البتہ فاقہ ضرور کرنا ہے اور روزہ کی طرح کرنا ہے۔ بھوک و پیاس مغلوب ہوگئی۔ گویا صحت یاب ہوا۔ ماشاءاللہ۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاقہ حسبِ الارشاد
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۰۱

نفس کُش، جب نفس پرست بنا
ہر حد کو مات کر گیا۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۶۲۰۲

لینے والا ایک
لانے والے انیک
لاتے جاؤ، دیتے جاؤ
دنیا نہیں تو کیا ہے۔
یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۹۲۰۳

اونٹ کے منہ میں نوکدار تیز دانت ہوتے ہیں سو نگھتے ہی، کیکر، بیری اور ہر قسم کے کانٹے دار درخت اور جھاڑی کو موم بنا دیتے ہیں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۹۲۰۴

بگڑی ہوئی بات کو بنانا

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی رحمت کی شفاعت پر موقوف ہوتا ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۶۲۰۵

مؤکلات نہیں، اللہ میری منزل ہے۔
یہ بندہ، اللہ کے سوا کسی اور کو، کسی بھی
معاملہ میں، کبھی شریک نہیں کرتا۔ یاحی یاقیوم

مؤکلات کوئی بھی ہوں، میرے اللہ کی مخلوق۔
اور کوئی بھی مخلوق، کچھ بھی کرنے پر، کوئی
قدرت نہیں رکھتی۔ ارض وسما کے تمام مؤکلات،
میرے اللہ ہی کے حضور سجدہ ریز ہیں۔

یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۰۶

متکبر کی انا کبھی ختم نہیں ہوتی، حالانکہ

ضعیف ترین مخلوق سے بھی ضعیف تر ہوتا ہے۔

اسی طرح تقوٰی کا فخر،   یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۰۷

پھر سُن اور غور کر!
فقیر کی کوئی جائیداد نہیں ہوتی
کوئی مال نہیں رکھتا
جو شے، لوگ، فقیر کو دیتے ہیں
بیٹھے بیٹھے لوگوں میں تقسیم کر دیتا ہے
کبھی بُخل نہیں کرتا
اور کل کے لیے کوئی بھی شے
جمع کر کے نہیں رکھتا
یہی فقیر کا ترکہ ہوتا ہے، یہی میراث

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے
حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ اسی پہ کاربند تھے۔

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
الله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۹۳۰۸

ذکر الٰہی کی پہلی مجلس

قَالُوْا بَلٰی کے اقرار سے
سُبْحَانَ الله پڑھ کر
روزِ ازل سے لگی
ابدالآباد قائم و دائم رہے گی
کبھی برخاست نہ ہوئی

کبھی برخاست نہ ہوگی
حتیٰ کہ حشر برپا ہو۔

ہر مجلس، ذکرِ الٰہی ہی کی مجلس سے
زندہ اور قائم رہتی ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۰۹

فقر نے ہر مخلوق کو پہچانا لیکن کوئی
مخلوق اسے کبھی نہ پہچان سکی، یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۱۰

فطرت نے ہر مخلوق کی تعظیم کی
لیکن مخلوق نے زندیقیت کا
فتویٰ دے کر پتھر مارے - یا حیی یا قیوم

[illegible]
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۱۱

خیال سے گمان پیدا ہوتا ہے - خیال و گمان جب
متحد ہوجاتے ہیں، ایمان کامل ہوجاتا ہے-

یا حیی یا قیوم

[illegible]
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۱۲

گل پاکر ہی پاگل کہلایا۔

یاحی یاقیوم

اللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِکَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِکَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَحْمَتِکَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ یاحی یاقیوم

[illegible]

[illegible]

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۹۲۱۳

صحت کے لیے چھ گھنٹے سونا کافی ہوتا ہے جو کُلیتاً فارغ ہیں کوئی اور کام نہیں کرتے۔

رات کو جاگا کریں اور مزدور جاگا کریں۔

یا حی یا قیوم

المستمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

٩٢١٤

باتیں سننے کے لیے نہیں، باتوں پر عمل کرنے کے لیے آیا کرو۔ یا حی یا قیوم

المستمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

٩٢١٥

قدیم حکماء سیر کے بل سوئی ڈال کر دیکھتے اگر نرم ہو جائے، اصلی ہے۔ یا حی یا قیوم

المستمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۱۶

کسی دکان دار یا سرمایہ دار سے افطاری اور سحری کی کوئی بھی شے مُطلق قبول نہیں کرنی۔

سارا دن ہیرا پھیری کرو، افطاری کا ثواب بھی لے جاؤ!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر رازقین
والله ذوالفضل العظیم

67607

۶۲۱۷

خیرات بھی ایک کامیاب جُوا ہے جس کا جواری کبھی نہیں ہرتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۶۳/۸

خیال و گمان

جب پاک ہو جاتے ہیں

متحد ہو جاتے ہیں

یک سُو ہو جاتے ہیں

بلند ہو جاتے ہیں

خیالات کی بلندی انسانی معراج کی ابتدا

اور

اسی پہ استقامت —— انتہا

ما شاء اللہ

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحی القیوم

فالله خیر الرازقین

والله ذوالفضل العظیم

۴۲۹

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

- جو خاموش رہا، نجات پاگیا
- طویل خاموشی اور خوش خُلق، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، ان دو خصلتوں سے بہتر مخلوق کے لیے کوئی کام نہیں ہے۔
- مرد کا خاموش رہنا (اور خاموشی پہ ثابت قدم رہنا) ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔
- خاموشی سب سے اونچی عبادت ہے۔
- عبادت میں سب سے پہلی چیز، خاموشی اختیار کرنا ہے
- روایت ہے۔ بنی اسرائیل میں سے ایک عالم وفات پاگیا جب اسے چارپائی پہ رکھا گیا، لوگوں نے دیکھا کہ اس کے گلے میں سونے کی تختی ہے جس پہ تین سطریں (لکھی ہوئی) ہیں کہ .....

خاموشی
تمام اخلاق کی
سردار ہے۔

- خاموشی اختیار کرنا، اخلاق کی سردار خصلت ہے اور جو شخص مذاق کرتا ہے، وہ لوگوں میں ہلکا ہو جاتا ہے۔
- عافیت کے دس حصے ہیں۔ نو حصے تو صرف خاموشی میں ہیں اور دسواں حصہ تنہائی میں ہے۔
- عبادت دس حصوں میں تقسیم ہے (جس میں سے) نو حصے تو صرف خاموشی ہی میں ہیں اور دسواں حصہ ہاتھ سے حلال کی روزی کمانا ہے۔
- حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ سے حضرت لقمان علیہ السلام کی اپنے بیٹے کو نصیحت "کہ اے بیٹا! اگر بات کرنا چاندی ہے تو چپ رہنا سونا ہے"

کے بارے میں پوچھا گیا۔ انہوں نے فرمایا اس کا معنی یہ ہے

کہ اگر اللہ کی اطاعت میں کلام کرنا چاہتی ہو تو اس کی نافرمانی میں خاموش رہنا (یعنی اگر نافرمانی کا خدشہ ہو تو گفتگو سے رُک جانا) سونا ہے۔

- حضرت وہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ خاموشی سب سے پہلی عبادت ہے۔
- وہب بن ورد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ دانائی کے دس حصے ہیں نو صرف خاموشی میں ہیں اور دسواں، لوگوں سے یکسو ہو جانا ہے۔
- جب حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے باہر آئے تو انہوں نے طویل خاموشی اختیار کی۔ کسی نے ان سے کہا کہ آپ بولتے کیوں نہیں؟ انہوں نے فرمایا۔ بولنے ہی نے تو مجھے مچھلی کے پیٹ میں ڈالا تھا۔

یا حی یا قیوم

الحمد للہ العزیز فاقہ خیر الرزقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۲۰

قدرت نے جب بھی اپنی قدرت کا مظاہرہ کیا، حیلہ وتدبیر سے بے نیاز ہوکر کیا۔ قدرت نے کسی حیلہ وتدبیر سے کبھی کوئی واسطہ نہ رکھا، جو بھی کرنے پر آئی، کرگئی، کوئی دیر نہ لگی۔

قست کُنْ فَیَکُوْن ہے۔ قدرت کی حکمت کو کوئی پا نہیں سکتا۔

سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْم

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

والله ذو الفضل العظیم

۶۲۲۱

قوی العزیز کی قدرت، انسانی فہم وادراک سے بالا یقینا

الحمد للحی القیوم　فالله خیر الرازقین

والله ذو الفضل العظیم

۶۲۲۲

"اگر مگر"، کو چُو لہے میں ساڑ۔ عشق کسی بھی چیز کو بچا کر نہیں رکھتا، جلا کر راکھ کر دیتا ہے۔ عشق کی جلی ہوئی راکھ کا ہر ذرہ اعلان کرتا ہے جو شے اللہ کے نام پہ جلی میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت میں جلی۔اکسیر

یا حیی یا قیوم

الحمد لله حق حمده
فالله خير الراحمين
والله ذو الفضل العظيم

۶۲۲۳

رات کو سونا ایک دستور العمل ہے۔
کام ہو نہ ہو
نیند آئے نہ آئے
سونا ضرور ہے۔

رات کو ذکرِ الٰہی کے لیے جاگنا اور
دن کو سونا، بہترین تبدیلی ہے۔
تبدیل کرو

رات کو اللہ کے ذکر کے لیے جاگا کرو
اور دن کو سویا کرو

اور جنگلی درندوں کا بھی یہی شیوہ ہوتا ہے

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
حافظہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۳۲۴

بندہ بڑے سے بڑا مجاہدہ کر سکتا ہے،
ساری رات جاگ کر نفل پڑھ سکتا ہے،

اور جو کچھ بھی کہو کر سکتا ہے،
کسی غریب کو ایک روٹی تک دے نہیں سکتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۲۵

ہر شئے میں ہر شئے ہوتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۲۶

تقدیر بولی : میں نے تدبیر کو کبھی ہنسنے کا موقع نہیں دیا،
تدبیر کو اپنے تابع رکھا ہوا ہے۔ بال بھر بھی جنبش نہیں کر سکتی۔

الحمد للہ الحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم یا حیّ یا قیوم

۶۳۲۷

بندہ کرئی ہی ہو، جب آبدیدہ ہوتا ہے گویا فرشتہ اس سے معانقہ کرتا ہے۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للہ علی القیوم
فاقہ حسبہ الرقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۳۲۸

دُنیائے دوں کے تمام علوم الف تا ی ازبر کر۔
اگر غیبت سے پاک نہیں گویا کچھ بھی نہیں۔

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للہ علی القیوم
فاقہ حسبہ الرقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۳۲۹

شیطان معلم الملائکہ تھا، دلیل سے اسے مرکوئی مطمئن نہیں کر سکتا۔

بلا دلیل آمنت باللہ کہہ

دیکھ کر مانا تو کیا مانا؟ بن دیکھے مان۔

شیطان سب سے بڑا حاسد ہے۔

دین واحد ہے،
حسد ہی کی بنا پہ بہتر (۷۲) فرقوں میں بٹا۔

"چوری حضرت کی زبان تو سیکھ لیے سارے علوم
رول پڑھا کرتے ہیں محمدؐ کے گھرانے والے"

جس نے یہ کہا سچ کہا۔ یا حبیب یا قیوم

الحمد للحی القیوم والشکر للہ حمد الرقیب

واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۳۰

ایمان کی انتہا اور سب سے پہلا ایمان
میرے مولائے کریم علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ
کی قسمت ہوا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
وانہ حیّ لا یقبر
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۳۱

بڑے میاں! ہمارے نزدیک اور اہلِ فن کے نزدیک
یہ کوئی منزل نہیں، ہر کوئی کر سکتا ہے۔
اس منزل میں پوری کی پوری دُنیا سمائی ہوئی ہے،
دین کا نام تک نہیں۔

فقر کا صرف ایک ہی امتیازی نشان ہوتا ہے
کہ فقر دنیا سے کوئی واسطہ نہیں رکھتا۔

یار و اغیار برابر ہوتے ہیں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
و لله ذوالفضل العظیم

۶۲۳۲

اللہ رب العالمین نے یہ دنیا میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے بنائی۔ ان ہی کے گھرانے کا ایک فرد آنا باقی ہے۔ اس کی آمد کے انتظار میں یہ قائم ہے۔　یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
والله ذوالفضل العظیم

۶۲۳۳

کنواں پانی سے لبریز ہے۔ کھینچنے والا بھی موجود۔ نہ لج ہے نہ ڈول۔

بتا کیونکر پیاسے سیراب ہوں -

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الراحمین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۲۴

یہ سب میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اُمتی ہیں۔ میں ان سے، وہ مجھ سے محبت کرتے ہیں۔ وہ کریں نہ کریں، میں ضرور کرتا ہوں۔

بہتر (۷۲) فرقوں میں تو پہلے ہی بٹ چکے! اور اضافہ مت کر۔ یہ سادہ مسلمان ہیں ان بیچاروں کو سادہ ہی رہنے دو۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الراحمین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۲۵

جسے تو بلّی وقار کا موجب سمجھا ہے
بلّی انتشار کے برگ و بر ہیں ۔

بلّی وقار ..... تمکنت

بلّی انتشار ..... الامان الامان

یا حیّ یا قیوم

المختصہ لحق الفہم،
فالله خیر حافظا

والله ذوالفضل العظیم

۶۲۲۶

صدقہ کرنے والا ——— بلیّات سے مامون

ماشاءاللّٰہ

صدقہ لینے والا ——— ذمہ دار

کس کو دے، کیا دے، کتنا دے ؟

خیرات کرنے والا فارغ ہُوا۔
خیرات لینے والا کس کو کیا دے کتنا دے ؟ مع

یہ سب کھاتے پیتے ، کماتے اور
راحت کی زندگی بسر کرتے ہیں
کسی کے محتاج نہیں، بیمار اور صرف بیمار محتاج ہے
زندگی سے لطف اندوز تو کیا ہونا ہے ،
ناخوش و بیزار ہے ۔ جو کچھ بھی کرسکو ،
بیماروں ہی کے لیے کرو
میرے نزدیک یہ صدقات و خیرات کا بہترین مصرف ہے

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۳۷

یہ کمائی میری نہیں، میرے لیے نہیں،
میں نے کبھی نہیں لینی۔
جو تمہارے نزدیک حقدار ہے، اُس کو دو۔

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للہ نحمدہ
ونصلی علی رسولہ الکریم
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۳۸

حضرات! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ
میری زندگی کی ساری کی
ساری کمائی
میرے اللہ کی پیاری
مخلوق کے لیے

وقف مخصوص ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر رقیب
والله ذو الفضل العظیم

۴۳۳۹

دو روٹی کے لیے ہیرا پھیری مت کر۔
روٹی ہر ذی روح کو ملتی ہے۔

در در مانگنا
ذلت کی انتہا نہیں تو کیا ہے؟

مُردوں کے کفن سے
بچے ہوئے ٹکڑے

تیری پوشاک! شرم نہیں تو کیا ہے؟

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
و اللہ ذوالفضل العظیم

۶۳/۰

پیاس، جو تجھے پریشان کیے جا رہی ہے،
اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔
اور روزہ دار ہی کو نصیب ہوتی ہے۔
کیا آپ نے یہ نہیں سوچا کہ
کربلا کا امتیاز ——— شدت کی پیاس

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
و اللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۴۱

کھانا جائز

بھوکے کو کھلانا جائز

ننگے کو پہنانا جائز

ذخیرہ اندوزی منع

مفہومِ طریقت

یاحیی یاقیوم

المتنبہ لحق القسم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۴۲

علی کے نام پہ خیرات ہوتی ہے۔
خیرات کی تقسیم میں بُخل مت کر۔
دنیاودین و آخرت کی ہر شئے خیرات ہو۔
علی نے دی۔

علی کو دے دی۔

یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا کَبِیْرُ الْعَفُوِّ یَا خَبِیْرُ النَّصِیْر

علی کی عبرات کا بازہ شب و روز کھلتا اور لُٹتا ہے۔

یہی عبرات کا مدعا و مفہوم ہے۔ یا حیی یا قیوم

المستمد للحی القیوم

حافظ حسین الرزقی

وَاللّٰہ ذو الفضل العظیم

۶۲۲۳

کچھ رہے نہ رہے

تیرا قول ثابت رہے

ذکر قائم رہے

پھر کسی بھی چیز کی کوئی کمی نہیں

ہر شے آنی جانی ہوتی ہے

کسی خاطر میں شمار نہیں ہوتی۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیرٌ الرّازقین
والله ذو الفضل العظیم

۹۳/۴

روزے میں صرف کھانے پینے ہی کا نہیں ،
ہر شئے کا روزہ ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیرٌ الرّازقین
والله ذو الفضل العظیم

❀

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بہت سے روزہ دار ایسے ہیں کہ انہیں، ان کے روزے سے، سوائے پیاسا رہنے کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا اور رات کی عبادت کرنے والے بہت سے ایسے ہیں کہ انہیں عبادت کرنے سے سوائے بیدار رہنے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ یعنی ایسے بہت سے روزہ دار اور رات کو عبادت کرنے والے لوگ ہیں جن کے روزے اور عبادت بے فائدہ ہوتی ہے اور انہیں اس کا ثواب نہیں ملتا۔ (ابوہریرہؓ / دارمی)

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جو شخص جھوٹ بولنا اور برا کام نہ چھوڑے (یعنی روزہ میں) پس اللہ کو اسکی کوئی ضرورت نہیں کہ وہ اپنا کھانا پینا چھوڑے

(ابوہریرہؓ / بخاری)

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

روزہ ڈھال ہے جب تک (روزہ دار) اسے نہ پھاڑے
(یعنی جب تک غیبت نہ کرے یا جھوٹ نہ بولے کیونکہ
اس سے روزہ بگڑ جاتا ہے جیسے ڈھال پھٹ جاتی ہے)
(ابوعبیدہ، نسائیؒ)

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۴۵

اے گرد و غبار میں اَٹے ہوئے دل :
تو گرشت کا لوتھڑا ہے

گر اللہ اسے ہر آلائش سے پاک فرما کر نماز اور
روزہ کا پابند کر دے، تو یہی دل روشن بن کر،
روشن ضمیر ہو جائے۔

نماز تیری معراج اور روزہ تیری ڈھال بن جائے۔

خیالات تیری نماز کو یکسو ہونے نہیں دیتے

در ڈھال کر پھاڑ دیتے ہیں۔

وما علینا الا البلاغ

وما توفیقی الا باللہ

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم

عافہ حمید اللہ قبر

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۳۴۶

نقرا کا مذہب اور مسلک، حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم

کی محبت اور اتباع ہے۔

میں ہر مسلک کا پیروکار ہوں، ہر کسی کی اچھی بات کی

پیروی کرتا ہوں۔

فقرا کی کوئی ذاتی جماعت نہیں ہوتی، حضورِ اقدس
صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت ہی کے پروانے ہوتے ہیں۔
ایک کے سوا ہر در سے بے خبر۔ اپنی ہی لگن میں
مگن ہو کر ماسوا سے بیگانے ہوتے ہیں۔ یہی دین کی
فطرت اور توحید کی رُوح ہے۔
فقرا، ہمیشہ ایک دوسرے سے محبت سے جب بھی ملتے
محبت و خلوص کی حد کر دیتے۔
ایک دوسرے سے یہی کہتے کہ تیرا ہی دیکھنا ہے۔
جہاں دیکھا تجھی کو دیکھا۔
ناسوت میں بھی تو
لاہوت میں بھی تو "
اگرچہ وہ کچھ بھی نہیں ہوتے،

محبت، محبت سے راضی ہوجاتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فانہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۴۷

جو تو نے کیا، دیکھ لیا، الحمدللہ ...... توحید
جو کرتا ہے، دیکھ رہے ہیں، انشاءاللہ...... توحید
جو کرے گا، دیکھ لیں گے، مبارکاً مکرماً مشرفاً.... توحید
ماضی، حال و مستقبل ــــ بارک اللہ
خندہ پیشانی سے استقبال۔بشریت کا سہرا

مومن کو اعلیٰ درجے کا ایمان اور
موحد کو اعلیٰ درجے کا توکل عنایت ہوتا ہے۔

وما علینا الا البلاغ

وما توفیقی الا باللہ

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۹۲۲۸

کائنات میں ہر کسی کو اپنی اپنی پڑی ہوئی ہے،
سر کھجلانے کو بھی اللہ کی یاد نہیں رہتی
آخرت کی کمائی سے بے نیاز !
پھر کب کرو گے ؟

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۴۹

اللہ کے اسماء الحسنیٰ میں سے ایک نام "علی" ہے

سُبحانَ رَبِّیَ العَلیِ الاَعلیٰ الوَھّاب

یا حی یا قیوم

المستمد من الحی القیوم
فائقہ جبیں الارقمی

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۵۰

ماسوا سے مُنقطع، اللہ سے مُنسلک۔

اصحابِ طریقت کا نصبُ العین ۔ یا حی یا قیوم

المستمد للحی القیوم
فائقہ جبیں الارقمی

وَاللہ ذُوالفَضلِ العظیم

۶۳۵

فل نہیں ، صرف خیال کے گمان کے باعث
سلاسل طریقت کے فیضان سے محرومیت۔

صرف ایک خیال دل میں آیا تھا کہ ....
فیض کی برکات اڑ گئیں ۔

فیض کی بحالیت کے لیے کیا کچھ کرنا پڑا !

یا حی یا قیوم

المستمد للحی القیوم
[illegible]

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۶۳۵۲

یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ تسبیح
یَاکَبِیْرُ یَاکَبِیْرُ یَاکَبِیْرُ دعا
دو پسندیدہ وظائف، ان شاء اللہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
واللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۶۳۵۳

جو جانتا ہے
کر سکتا ہے
کرتا نہیں، درگزر کی انتہا
حلم کی حد اور حلم بھی کیٔ اعتبار سے،
اور ہر اعتبار سے ہر شے پہ محیط۔ یا حیّ یا قیوم
الحمد للہ الحی القیوم واللہ خیر الرازقین
وَاللہ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۶۳۵۴

کئی دفعہ منع کیا ہے میرے کاموں میں اعتراض
مت کیا کرو اور اگر مگر مت کیا کرو۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
والحمد للہ رب العالمین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۳۵۵

فضل سے سب بے خبر، فضل مانگ
فضل کے ہمراہ ہر شئے ہوتی ہے
اور ہر حیلہ و وسیلہ فضل ہی کی بدولت ہوتا ہے

واللہ ذوالفضل العظیم

سُبحان ربی ذی الفضل العظیم

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالحمد للہ رب العالمین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۳۵۶

بھادیں روز آ
بی بی کو ساتھ مت لا۔

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خير الرازقين
والله ذوالفضل العظيم

۶۳۵۷

کامیابی کوئی چیز نہیں
وقت کی قدردانی ہی کی علامت
ہوتی ہے۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خير الرازقين
والله ذوالفضل العظيم

۶۳۵۸

مستورات کے لیے
وضو، بیت الخلاء اور پردہ کا کوئی
خاطر خواہ انتظام نہیں ۔ یا حیی یا قیوم

الحقسند لنحی القیوم
حافظہ حبیب الرحیم

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۳۵۹

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ
قَالُوْا بَلٰی
جب بھی کسی نے مان لیا
وہ مان گئے ۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

یا حیی یا قیوم

الحقسند لنحی القیوم حافظہ حبیب الرحیم

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۹۰

نظامت کی نفاست
اپنے کمرے کا جائزہ لے ۔
کمرہ ہی دل کی ترجمانی کرتا ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۲۹۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا حی یا قیوم

عظیم المرتبت کسب ہے
اس عمل کے قاری کو کسی اور
کسب کی حاجت نہیں رہتی

نہ ہی وہ کچھ اور کر سکتا ہے۔

یہ ہمہ وقتی کسب ہے۔

اور ہمہ ہر کسب سے فوق الوریٰ، ماشاءاللہ:

یا حیی یا قیوم

محمد نبی الخاتم
خاتم حبیب الرحیم
وھو ذوالفضل العظیم

۶۳۶۲

عرس المیلاد المبارک حضرت شرف الدین

بو علی شاہ قلندر قدس سرہ العزیز

مرحبا مکرماً مشرفاً

نہ ہیر ہے نہ رانجھا

اس جسم الوجود کے

اندر ہی ہیر، ساتھ ہی رانجھا

ہور نہیں کوئی ہوری

آپے ہیر، آپے رانجھا

اپنی مجلس آپے جوڑی

اس مجلس میں کوئی غیر

کبھی نہیں سماتا

سمائے کیسے ؟

غیر کا وجود ہی نہیں

غیر تو ہے ہی نہیں

اپنی مجلس میں

ھیر

کبھی بے حجابانہ نہ آئی

جب بھی آئی

بڑے ناز سے

محبوبانہ انداز سے آئی۔

— ◦ —

آپ ہی دیکھے آپ دکھاوے

آپ ہی سُنے ، آپ سناوے

آپ ہی بولے ، آپ بلاوے

اپنا جنس اپنے مُکھ گاوے

اپنیاں صفتاں آپ کراوے

کتے صدیقیت کا راگ سناوے

کتے زندیقیت کا رُوپ وٹاوے

کتے بے پروائی دا ناد بجاوے

آپ جلے آپ بجھاوے

آپے اُمر سے آپے ڈھاوے

— ◦ —

فقیر کسی کو خاطر میں نہ لاوے

نہ ہی ہنسا دے نہ ہی رُلا دے
اپنی ہی لگن کی مگن میں مسکرا دے
کہیں گھون مون
کہیں جٹا دھاری
کہیں با ہوش
کہیں مدہوش

کسی کو ایمان بخشا
کسی کو کفر
یہ سب تیری ہی عنایات ہیں
اگر ایمان نہ ہوتا
کفر کی کیا تمیز ہوتی
اگر کفر نہ ہوتا
دوزخ میں کون جلتا

جنت و دوزخ، تیری ہی بنائی
اور بندوں ہی کے لیے ہیں
یارب العالمین !
اپنے حبیب اور میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم
رحمۃ للعالمین کی رحمت سے،
بندوں پر رحمت نازل فرما، یا اللہ العالمین
بجاہ شفیع المذنبین صلے اللہ علیہ وسلم
آمین آمین آمین

لذیذ ترین مشروب
دودھ میں سرخ شراب کی آمیزش

نہ منکر نہ متفق

نہ تائید نہ تردید

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
عاقبۃ حسنۃ الرشید

واللہ ذو الفضل العظیم

۶۳۶۲

صدق، صدیقیت کا منتظر ہے۔

آ بھی جاؤ نا!

مان بھی جاؤ!

تکتے تکتے آنکھیں آ گئیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
عاقبۃ حسنۃ الرشید

واللہ ذو الفضل العظیم

۲۹۴

"ضرورت ہے"

ایک ایسے آدمی کی ضرورت ہے
جو کبھی جھوٹ نہیں بولتا،
کبھی غیبت نہیں کرتا،
کبھی چغلی نہیں کھاتا،
کبھی حسد نہیں کرتا، اور
کبھی وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

یہ چار چیزیں مجھ میں تھیں!
مجھ میں ہیں!
لیکن اب میں ان چاروں سے پکی توبہ کرتا ہوں۔
میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
کہ جو بندہ سچے دل سے پکی توبہ کرلیتا ہے،

اس کے سارے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں
یوں جیسے آج اسکی ماں نے جنا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للہ الحی القیوم
[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۹۸

بڑے میاں! ہماری ساری عمر سیاحت ہی میں گزری۔
مجھے اس دنیا کے تختہ پر کوئی ایسا بندہ نہیں ملا
جو کبھی جھوٹ نہ بولتا ہو
غیبت نہ کرتا ہو
چغلی نہ کھاتا ہو
حسد نہ کرتا ہو اور
وعدہ خلافی نہ کرتا ہو۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للہ الحی القیوم [illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۶۶

یہ دُنیا ایک جنگل ہے

جنگل میں ہر قسم کے جانور ہوتے ہیں۔

درندو خرند، چرندو پرند۔

گیدڑ ہی نہیں،

کسی نہ کسی غار میں چھپا ہوا شیر بھی ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد لله نحن القسم
فالله حسب الوهب
و الله ذو الفضل العظيم

۹۲۶۷

جسم الوجود کے اندر، حسد

ایک ایسی چھپی ہوئی بدی ہے

جو ہر بدی سے بدتر ہے۔

اسے کوئی نہیں جانتا۔

اندر ہی اندر اپنا کام جاری رکھتی ہے۔
اور اس دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا بندہ ہوگا
جو حسد سے کلیتاً پاک ہو۔
تکبر، غیبت، چغلی اور وعدہ شکنی پر قابو پانا
اگرچہ مشکل گھاٹی ہے،
امکانی ہے۔
لیکن حسد کو جلا کر راکھ کر دینا
مشکل ترین گھاٹی ہے۔
مر کر ہی کوئی اسے مار سکتا ہے، زندہ نہیں۔
اور یہ اعلٰے ترین نوازشات میں سے ایک اعلٰی
ترین نوازش ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ ختم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۴۸

ہمہ گیر ارداح کی سیاحت میں ایک روح بولی،
حسد جو سب کو جلا جلا کر راکھ کیے جا رہا ہے

تو کیوں نہ ہو

کہ حسد ہی کو جلا کر راکھ کر دیا جائے۔
تاکہ پھر کسی اور کو کبھی نہ جلا سکے۔ یا حییا قیوم

[illegible]
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۴۹

قسمت حال کے تابع ہے اور شدت سے منتظر ہے۔
اپنا حال بدل
جونہی بدلا، آن کی آن میں ہر شے بدلی۔

اور قسمت کا یہ ابدی دستور ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فانہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۴۲۷۰

یقین کی تیقین اگر نافع نہیں تو فی الفور بدل اور ہر شے بدل۔ صبح ہر شے کو بدلا ہوا پاؤ گے۔

نہ مانو، بدلا کر دیکھو۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فانہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۴۲۷۱

پہلی تبدیلی ماحول کی ہوتی ہے اور ماحول میں وفادار و جانثار دوست ہوتے ہیں جو شاہ نشین ستارے کہلاتے ہیں

ظاہر و باطن ایک ہوتے ہیں۔

ایک کنبہ کی طرح یک جان ہوتے ہیں۔
اور ادب و محبت کی آبرو ہوتے ہیں، ماشاءاللہ!

مبارکاً مکرماً مشرفاً

یا حی یا قیوم

الفقیر [illegible]
[illegible]
واللہ ذو الفضل العظیم

۹۳۷

فقرا مخلوق سے اللہ ہی کے لیے ملتے اور
اللہ ہی کے لیے ہر کام کرتے ہیں۔

میر و سلطان سے کوئی واسطہ نہیں رکھتے
جیسے کہ ہوتے ہی نہیں۔

خانہ بدوشوں کی طرح بے خانماں رہ کر زندگی

کے قدرتی فیضان سے مُشرّف ہو کر پھولے نہیں سماتے۔

یا حیّ یا قیّوم

المستمد لحق الصمد
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۶۳

جو ابھی نہیں
کبھی بھی نہیں

یا حیّ یا قیّوم

المستمد لحق الصمد
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۶۴

طبیب دوا کے اجزا کا عارف نہیں۔ بنی بنائی کے لکھے ہوئے فائدے تو جانتا ہے، یہ نہیں جانتا کہ کون کون سے اجزا اس میں کام کرتے ہیں

مرض کی تشخیص اور نسخہ کی خاصیت و افادیت سے بہرہ ور نہیں۔

حکما کی حکمت کا کمال دری الوری ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۷۵

عرس المیلاد المبارک
حضرت امیرالمومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ

فراغت، فارغ ہو کر ہی
علم و حکمت کی عجیب و غریب
ماضی کو حال میں

منفعت شہود پہ لاتی اور
شعور تو کا استقبال کراتی ہے
جھوٹ کو جھوٹ اور سچ کو سچ بتاتی اور
سچ کا کوئی نابر نہیں
اغیار بھی رطب اللسان ہوتے ہیں۔
جلالت، جھوٹ کو کبھی اُبھرنے نہیں دیتی۔
جلا کر راکھ کر دیتی ہے۔
جلالت کے ہمراہ اگر ضبط نہ ہو
معیوب متصور ہوتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

کرم، ضبط کی رُوح ہے
اور خیرات کرم کی یا حیّ یا قیوم

حیرات رتی نے ضبط کر معتدل کیا ہوتا ہے۔

یا حییُ یا قیوم

[illegible]
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۷۹

شب بیداری نعمت ہے۔
ہمیشہ شب بیدار رہنا
ایک مقبول ترین فیض۔
شب بیداری میں جو کام بھی ہوتا ہے
کبھی محروم نہیں رہتا
بھاویں وہ ہول
شب بیداری میں یکسوئی ہوتی ہے
دن کیطرح ارد گرد نہیں پھرتی
تضیع اوقات نہیں کرتی

جاگنے والے ہی
جاگنے کی برکات سے بہرہ ور ہوتے ہیں
سونے میں کوئی کیف نہیں ہوتا
بستر اوڑھ سو گیا
رات بھر سویا رہا۔

کھایا
سویا
کوئی زندگی نہیں
کھلانا اور جاگنا بڑی زندگی ہے
اللہ کریم اپنے فضل و کرم سے جاگنے والوں
کی طرف کریمانہ انداز میں توجہ فرماتے ہیں اور
یہ عظیم ترین سعادت ہوتی ہے۔

رات کا راج جب ختم ہونے لگتا ہے

عنایات تقسیم ہوتی ہیں۔ یا حیی یا قیوم

الحمد لله حق الحمد

فانه حميد الرحيم

والله ذو الفضل العظيم

۶۳۷۷

نابینا کی طرح دیکھنا

نسوانیت کے ادب کی حد ہے

یا حیی یا قیوم

جو ایسے دیکھتا ہے

اللہ بھی اُسے اِسی طرح دیکھتا ہے۔

یا حیی یا قیوم

ایسے دیکھنے والوں کو بندگی کی حلاوت سے سرفراز فرماتا ہے۔

اپنی ماں، بہن، بیوی کے ہمراہ چل کے تو دیکھ
کوئی نظر کبھی ان کے خلاف نہ اُٹھے
نماز تو کر کے دیکھو

یا حیی یا قیوم

حال یہ ہے کہ
جب بھی کسی عورت کی طرف نظر اُٹھی۔ متوجہ ہوئے۔
ایک بار نہیں بار بار ہوئے۔
اور یہ اصل خیانت ہے۔
اور ہم اس سے بے خبر ہیں۔

یا حیی یا قیوم

کوئی اور رُکے نہ رُکے تو ضرور رُک۔

اور رکنے کی برکات دیکھ۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرٰزقین
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٢٧٨

ایک کو بنا کر ساری خدائی کو بنایا۔

جو ایک میں ہے ہر میں ہے یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرٰزقین
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٢٧٩

جسے کوئی قبول نہیں کرتا

قبولیت کے معیار کے منافی متصور ہوتا ہے

وقت کے عین مطابق ہوتا ہے

ہو کر ہی رہتا ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
عاقبتہ حسن الرحیم
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۸۰

راکھا فصل کا چوکیدار ہوتا ہے۔
اگر علم کا یہ مطلب ہے
گیدڑ کبھی خربوزوں کی بیلوں کو پکنے دیں۔
چونڈ چونڈ کر مٹی بنا دیں۔
نہ کھانے کے قابل نہ منڈی میں لیجانے کے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
عاقبتہ حسن الرحیم
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۸۱

جو باتیں نفس کو ناپسند ہوتی ہیں،
اللہ کو
عین پسند ہوتی
ہیں۔ یا حی یا قیوم

المحتسد لحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۲۸۲

گناہ کی ترغیب دینا
کمی ہو تو پوری کر کے ہموار بنانا
اکسانا اور کرنے پہ مجبور کرنا ـــــ عین شیطانیت۔
اور بُرائی کے منصوبوں کو خاک میں ملانا مایۂ نازنیکی ہے۔

یا حی یا قیوم
المحتسد لحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۸۳

کوئی کسی کو کچھ نہیں کہتا
لوگ ہی لوگوں کو کہنے اور کرنے پہ
مجبور کیے کرتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله حسیب رقیب
والله ذوالفضل العظیم

۶۲۸۴

جسم الوجود کے امراض گناہ ہی کے باعث
ہوتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله حسیب رقیب
والله ذوالفضل العظیم

۶۲۸۵

نبھانا ——— اصل جوانمردی

جوانمردی بہت سے جواہرات کا مرکب ہے۔
نبھانا، ان سب سے اعلیٰ۔

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۸۶

دنیا میں دوستوں کی بھی بھلا کوئی کمی ہوتی ہے؟
جسے بھی چاہو بنالو۔ البتہ دُنیا بھر میں گنتی کے چند
دوست ہوتے ہیں۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذُوالفضل العظیم

۶۲۸۷

جس طرح غریب دُنیا کے ہر معاملہ میں ہلکا ہوتا ہے،

اسی طرح آخرت میں ہو گا۔ یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم
حافظہ حسیب الرقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۸۸

انگریزوں نے مغلوں سے کہیں بڑھ کر عیش وعشرت کی قانون بنا کر کی۔ یہاں تک کر انھیں مات کر دیا۔

یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم
حافظہ حسیب الرقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۸۹

انگریز کا رنگا ہوا رنگ اصلی ہوتا ہے۔
خوش رنگ ہوتا ہے۔ کبھی ماند نہیں پڑتا۔

یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم حافظہ حسیب الرقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۹۰

جوانڈہ، ایک مرغی کے پروں کے نیچے سے
نکال کر، کسی دوسری مرغی کے نیچے رکھ دیا
جاتا ہے، وہ اسے کبھی نہیں سیتی، کوئی بچہ
نہیں بنتا، اوڑک پھینک دیا جاتا ہے۔

یاحی یاقیوم

الحمدلله الحی القیوم
فالله خیر حافظا
والله ذوالفضل العظیم

۶۲۹۱

اِرم کے باغیچہ میں ایک ننھی سی کلی تھی۔
مہک مہک کرتے چتے کو مہکانے
لگی۔ تو نے گندگی کے ڈھیر پہ بکھیر دیا۔
دُور، دُور، دُور یاحی یاقیوم

الحمدلله الحی القیوم فالله خیر الراحمین
والله ذوالفضل العظیم

۶۲۹۲

غزوۂ بدر

دُنیائے اسلام کی پہلی جنگ تھی
جو اللہ کے لیے، اللہ کی راہ میں لڑی گئی۔

اور میرے آقا روحی فدا صلے اللہ علیہ وسلم
اسلامی لشکر کے سپہلے جرنیل تھے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۲۹۳

اللہ کی تلوار کے ہمراہ ارض و سما کی ہر شئے تھی۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۳۹۴

جبرائیل
ساتھ تھے،
میکائیل
ساتھ تھے،
عرشی ساتھ تھے
فرشی ساتھ تھے
دند ساتھ تھے، فرزند ساتھ تھے
چرند ساتھ تھے، پرند ساتھ تھے
ہر کوئی ساتھ تھا
مگر شیطان ....
شاہانہ دبدبہ نے اُس ملعون کی کمر توڑی ہوئی تھی۔

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ ماشاءاللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علیٰ سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلیٰ آلہ واصحابہ وحزبہ بعدد کل [illegible]
معلوم لک [illegible] استغفر اللہ الذی لا الہ الا [illegible]
[illegible] الحی القیوم واتوب الیہ [illegible]

غزوۂ بدر

المستفیض دارالاحسان "غزوۂ بدر" کی اشاعت کی سعادت پر اللہ تبارک تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کا شکر گزار ہے
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى ۔

تَسْمِيَةُ بَدْرٍ

وجہ تسمیہ بدر

بَدْرٌ بِالْفَتْحِ وَالسُّكُونِ بِئْرٌ حَفَرَهَا

بدر ب کی فتح اور دال کے سکون کے ساتھ ایک کنویں کا نام ہے

رَجُلٌ مِّنْ غِفَارٍ اِسْمُهُ بَدْرُ بْنُ قُرَيْشٍ

جسے بدر نامی شخص نے بنایا تھا جو غفار قبیلے سے تھا

وَقِيلَ بَدْرٌ رَجُلٌ مِنْ بَنِي ضَمْرَةَ سَكَنَ

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ بدر ایک آدمی کا نام ہے جو بنو ضمرہ [illegible] جگہ

ذٰلِكَ الْمَوْضِعَ فَنُسِبَ اِلَيْهِ وَيُقَالُ بَدْرٌ

سے تھا اور اس نے وہاں سکونت اختیار کرلی تھی وہ اسکی طرف منسوب ہوگیا

اِسْمُ الْبِئْرِ الَّتِي بِهَا سُمِّيَتْ لِاسْتِدَارَتِهَا

اور یہ بھی کہا گیا ہے بدر کنویں کو کہتے ہیں جو چودھویں رات کے چاند کی طرح گول

اَوْلِصَفَاءِ مَائِهَا فَكَانَ الْبَدْرُ يُرٰى

ہوتا ہے یا اس کے پانی کی صفائی کی وجہ سے اس کا نام رکھ گیا کہ چاند اس میں

فِيهَا وَهُوَ عَلٰى ثَمَانِيَةٍ وَعِشْرِيْنَ فَرْسَخًا

نظر آتا ہے اور وہ مدینہ منورہ سے بہتر (۷۲) میل کے فاصلہ پر ہے

مِنَ الْمَدِيْنَةِ فِي طَرِيْقِ مَكَّةَ وَبَدْرٌ

اس راستے پر جو راستہ مکہ کو جاتا ہے۔ [illegible]

مُذَكَّرٌ وَلَا يُؤَنَّثُ ۔

مذکر ہے مؤنث مستعمل نہیں ہوتا ہے ۔

تاریخ الخمیس صفحہ ۳۶۸ جلد ۱

غَزْوَةُ بَدْرٍ

جنگِ بدر

خُرُوجٌ إِلَىٰ بَدْرٍ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ ثَمَانٍ

بدر کی طرف روانگی بروز بدھ آٹھ

رَمَضَانَ الْمُبَارَكِ السَّنَةَ الثَّانِيَةَ مِنَ

رمضان المبارک سن دو ہجری

الْهِجْرَةِ الْمُطَابِقُ ٤ مَارِس سنہ ٦٢٤ء

بمطابق ۴ مارچ سنہ ۶۲۴ء کو ہوئی ۔

كَانَتْ غَزْوَةُ بَدْرٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

غزوۂ بدر بروز جمعۃ المبارک

سَبْعَةَ عَشَرَ مِنْ رَمَضَانَ السَّنَةَ الثَّانِيَةَ

۱۷ رمضان سنہ ۲ ہجری

مِنَ الْهِجْرَةِ الْمُطَابِقُ ۱۳ مَارِس سنہ ۶۲۴ء

بمطابق ۱۳ مارچ سنہ ۶۲۳ء کو ہوا۔

عِدَّةُ أَصْحَابِ بَدْرٍ
اصحاب بدر کی تعداد

قَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ صَاحِبُ الْمَغَازِيْ

محمد بن اسحاق صاحب مغازی کا بیان ہے کہ

جَمِيعُ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

تمام مہاجرین اور انصار مسلمان جو بدر میں حاضر

مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَ الْأَنْصَارِ ثَلَاثَ مِائَةٍ وَ

تھے، ان کی تعداد تین سو چودہ

أَرْبَعَةَ عَشَرَ رَجُلًا

افراد ہے

مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ ثَلَاثَةٌ وَ ثَمَانُوْنَ

مہاجرین سے تراسی (۸۳)

الْأَنْصَارُ مِنَ الْأَوْسِ أَحَدٌ وَ سِتُّوْنَ

انصار قبیلہ اوس سے اکسٹھ (۶۱)

وَ مِنَ الْخَزْرَجِ مِائَةٌ وَ سَبْعُوْنَ رَجُلًا

اور قبیلہ خزرج سے ایک سو ستر (۱۷۰)

(تاریخ خمیس صفحہ ۴۰۲ جلد ۲)

(البدایۃ صفحہ ۲۱۴ جلد ۳)

اَصْحَابُ شُوْرٰی بَدْرٍ
اصحاب بدر کے خصوصی مشیر

کَانَ رَأْسُ مَشُوْرَۃِ الْمُهَاجِرِیْنَ اَبُوْبَکْرٍؓ الصِّدِّیْقُ

مہاجرین میں مشورہ کے سردار حضرت ابوبکر صدیق رضؓ تھے

وَرَأْسُ مَشُوْرَۃِ الْاَنْصَارِ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ

اور انصار میں سے مشورہ کے سردار حضرت سعدؓ بن معاذ تھے

(البدایۃ لابن کثیر صفحہ ۲۲۷ جلد ۳)

اَسْلِحَۃُ اَصْحَابِ بَدْرٍ
اصحاب بدر کا اسلحہ

کَانَتِ الدُّرُوْعُ تِسْعًا

زرہیں نو تھیں

وَالسَّیْفُ ثَمَانِیَۃً

اور صرف آٹھ تلواریں تھیں

وَکَانَ مَعَ الْمُسْلِمِیْنَ سَبْعُوْنَ بَعِیْرًا

اور مسلمانوں کے ساتھ صرف ستر اونٹ تھے۔

فَرَسَا بَدْرٍ وَاسْمُهُمَا

اصحاب بدر کے دو گھوڑے اور ان کے نام

كَانَ مَعَهُمْ فَرَسَانِ، عَلَى اَحَدِهِمَا الْمِقْدَادُ

اور دو گھوڑے ایک گھوڑا حضرت مقداد

ابْنُ الْاَسْوَدِ، اِسْمُهَا بَعْزَجَه

بن اسود کا جس کا نام بعزجہ تھا

وَعَلَى الْاُخْرَى الزُّبَيْرُ ابْنُ الْعَوَّامِ وَاسْمُهَا

اور دوسرے گھوڑے کے سوار حضرت زبیرؓ بن عوام تھے جس کا نام

الْيَعْسُوْبُ

یعسوب تھا۔

لِوَاءُ بَدْرٍ

بدر کا جھنڈا

وَكَانَ مَعَهُمْ لِوَاءٌ يَحْمِلُهُ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ

بڑا جھنڈا حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ اٹھائے ہوئے تھے

وَرَايَتَانِ:

(اور دو علم (چھوٹے جھنڈے)

شیطان نے اپنے پروردگار سے عرض کیا! قسم ہے تیری عزت کی، اے پروردگار! میں ہمیشہ تیرے بندوں کو گمراہ کرتا رہوں گا، جب تک ان کی روحیں ان کے اجسام میں ہیں۔ پروردگار بزرگ و برتر نے فرمایا: اور قسم ہے مجھ کو اپنی عزت اور اپنے جلال کی اور اپنے بلند مرتبہ کی ۔۔۔ جب تک میرے بندے مجھ سے بخشش مانگتے رہیں گے، میں ہمیشہ ان کو بخشتا رہوں گا۔ (مسند امام احمد بن حنبل جلد سوم صفحہ ۲۹)

• حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے، جنت میں ضرور داخل ہوگا وہ شخص جو دینی لحاظ سے فاجر ہو اور دُنیاوی زندگی میں احمق ہو۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے، جنت میں ضرور داخل ہوگا وہ شخص جس کو آگ نے اس کے گنہ کے سبب جلادیا ہو۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اللہ تعالےٰ قیامت کے روز ضرور مغفرت فرمائیگا ان گناہوں کی جو آدمی کے دل میں پیدا ہوں۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اللہ تعالےٰ قیامت کے روز ایسی مغفرت فرمائے گا کہ ابلیس بھی اس کیلئے اُمیدوار بن کر اپنی گردن اُٹھائے گا کہ شاید اسکی بھی مغفرت ہو جائے۔

(مسند امام احمد بن حنبل، جلد دوم صفحہ ۳۵)

٭

و حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰے عنہ، سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اگر اللہ تعالیٰ چاہتا کہ اسکی نافرمانی نہ ہو تو ابلیس کو پیدا ہی نہ کرتا۔

(مسند امام احمد بن حنبل جلد دوم صفحہ ۲۵۶)

یا حیی یا قیوم

المفتقر للحق القدیر

عاشقہ حبیب الرحمٰن

واللہ ذو الفضل العظیم

۶۵۰۹

کتنی تاریخ کا کتنی تاریخ کو بات کرو دینا عنایت کی حد ہے اور ایسی عنایت میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کی

سفارش و شفاعت پہ مبنی ہوتی ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
و للہ حمد الراقم
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۱۰

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر کا یہ مطلب ہے
کہ جو بھی چاہے، کرے، کوئی نہ روکے ۔
دن کو رات بنادے اور رات کو دن ۔
قطرے کو دریا اور دریا کو بیکا نیر ۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
واللہ حمد الراقم
وَاللہ ذُوالفضل العظیم

۶۵۱۱

مختار وہ ہے جو مالک کے حکم کے عین مطابق

مالک کی ہر شئے کا ذمہ دار اور نگران ہوتا ہے ۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
واللہ خیر الرّازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۱۲

جب تم چاہتے ہو، اُس وقت نہیں،

جب وہ چاہتے ہیں ، کام ہوتا ہے ۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
واللہ خیر الرّازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۱۳

اوپرے کو اوپری نظر سے دیکھنا فطری ہے ۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم　واللہ خیر الرّازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۱۴

جماعت کسی کی بھی ہو اور اتحاد کسی کا بھی ہو، ایک قوت ہوتا ہے۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
والله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

* *

۶۵۱۵

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

مومن کا حرزِ و حصار ہے۔ یا حی یا قیوم

— — —

اگر کوئی اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ کو دل سے مان لے
اور لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا کو تسلیم کرلے

تو کسی بھی سرکش سے کبھی خوف زدہ نہ ہو

یہ کلمات قرآنِ عظیم کی روح ہیں

ساری دنیا ایک طرف، یہ کلمات ایک طرف۔
کافی و وافی ہیں

جملہ عنایاتِ الٰہیہ ان ہی پہ مبنی،
ان ہی پہ موقوف اور
ان ہی کی مرہونِ منت ہیں۔

اگر کوئی یہ کہے کہ پہاڑ سے بھی ٹکرا جاتے، پاش پاش کر دے۔

یا حی یا قیوم
الحمد للہ الحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۹۵۱۶

اَللّٰہُ اللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا کا یہ مطلب ہے کہ

اللہ میرا رب ہے اور میں کسی بھی شے کو کبھی اس کا شریک نہیں ٹھہراتا۔

شے میں ہر قسم کی ہر مخلوق شامل ہے۔

یہانتک کہ بلا و وبا اور غم و حزن ۔ یا حیّ یا قیوم

[illegible] فالله خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۹۵۱۷

سب کچھ فرمانے کے بعد صرف یہ فرمایا۔

لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

یا حیّ یا قیوم

[illegible] فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۶۵۱۸

تیرے ربّ کے حکم کے بغیر، اے اور بچے بندے!
کسی درخت کا پتہ تک بھی کبھی جنبش میں نہیں آتا اور
کوئی کسی بھی حرکت پہ کوئی قدرت نہیں رکھتا۔

تیرا ایمان ناقص ہے، اس ایمان کو اکمل کر۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الراحمین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۱۹

باطن، دل کا وہ نور ہے جو کسی بھی طرح اور کسی بھی
انداز میں کبھی ظاہر نہیں ہوتا۔ دل ہی دل میں رہتا
اور دل ہی کے اندر سمایا ہوتا ہے۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الراحمین
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۵۲۰

روٹی کے ان ٹکڑوں کو حاصل کرنے کے لیے لوگ پردیسوں میں خجل ہوئے جب تیرے پاس آتے ہیں، کوڑا سمجھ کر پھینک دیئے جاتے ہیں۔

رزق کا احترام اللہ کا اکرام ہے۔ یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فانہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۵۲۱

ہر مرض کا ہر علاج ہر کوئی نہیں جانتا۔
جو جانتا ہو، بتا دے۔
نہیں جانتا، مت بتائے۔ یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم فانہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۲۲

ماضی پہ نہیں ، حال پہ تبصرہ کر

ماضی گزر گیا ، حال موجود ہے

حال کو ماضی پہ فوقیت حاصل ہے - یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۲۳

محنت ——— لیاقت پہ حاوی ہے -

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۲۴

غم زندگی کا محور ہے ۔
غم نہ ہوتا ، کوئی زندگی نہ ہوتی
چراغ جلتے ، روشنی نہ ہوتی
غم کی لُغت کے ستر ہزار الباب ہیں
تیرے ہجر کا غم ـــــ ہر غم پر محیط - یا حیی یا قیوم

المستند للحی القیوم
فاللہ خیر رازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفضلِ العظیم

۶۵۲۵

خیرات کی تشہیر سے ثواب ضائع ہوتا ہے -
یہ بجا سہی لیکن اصل مدعا خیرات ہے -
کرنے والے کو ثواب ملے نہ ملے لینے والے
کا مطلب حل ہو جاتا ہے ۔ یا حیی یا قیوم

المستند للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفضلِ العظیم

۵۲۶

حال کی کتاب حال پہ لکھی جاتی ہے اور صاحبِ حال کے سوا کوئی دوسرا اسے کبھی نہیں لکھ سکتا۔ یاحیی یاقیوم

الحمدللہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۵۲۷

جس نے بھی دیکھا
بندے ہی میں دیکھا۔

یاحیی یاقیوم

الحمدللہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۵۲۸

زندگی جستجو ہے۔

ذکرِ الٰہی ——— جہادِ اکبر

جہاد میں ڈرنا کفر

اور مرنا شہادت ہے

کافر سے بدتر اور شہید سے بہتر کوئی موت نہیں۔

جہاد میں فاتح ہی نہیں شہید بھی ہوتے ہیں

اور شہید فاتح سے افضل۔

یا حیی یا قیوم

[illegible]

[illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۹۵۲۹

دینِ اسلام میں فتوحات و اصلاحات و اشاعت

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی محبت کی

بدولت ہوئیں، ہو رہی ہیں اور ہوتی رہیں گی۔

حکمت جب بھی کہیں داخل ہوئی، زحمت رخصت ہوئی۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۳۰

نہیں کمایا تو فقیر ہی نے نہیں کمایا
فقیر کے سوا ہر کسی نے کسی نہ کسی انداز میں
ضرور کمایا۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۳۱

اللہ اُس سے کچھ بھی کرے
وہ بندہ جو کبھی کچھ نہ کہے

اللہ کا فقیر ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہ ذُوالفضل العظیم

۶۵۳۲

عقل بولی، یہ ہو نہیں سکتا۔

قدرت بولی، میں رب قدیر کی قدرت ہوں۔
جو چاہتی ہوں، کرتی ہوں۔
عقل کو دنگ کرنا میری ابدی شان ہے۔

جو کبھی نہیں ہوتا، قدرت دم بھر میں کر دیتی ہے۔

یا حیی یا قیوم
الحمد للہ الحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہ ذُوالفضل العظیم

۶۵۲۳

دنیا کے ردّ و بدل کا کون اندازہ کر سکتا ہے؟
ایک صاحب نے ایک مقام کو دیکھ کر فرمایا۔
میں نے ستّر دفعہ اس بستی کو بستے اور اجڑتے
ہوتے دیکھا۔
کبھی شہر بن کر بسا، کبھی دریا۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۵۲۴

سب کچھ ہوا
سب کچھ ملا
اللہ نہ ملا تو کچھ بھی نہ ملا۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا قیامت
کے دن اللہ کے نزدیک کون سا بندہ درجہ میں افضل و
ارفع ہوگا آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ کو بہت
زیادہ یاد کرنے والے پھر پوچھا گیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
ذکر الٰہی کرنے والا اللہ تعالےٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے
سے بھی افضل ہے آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
اگر (جہاد کرنے والا) اپنی تلوار کافروں اور مشرکوں
میں چلائے یہاں تک کہ اس کی تلوار ٹوٹ جائے
اور وہ خود (یعنی جہاد کرنے والا) یا تلوار خون سے رنگین
ہو جائے (یعنی شہید ہو جائے) پھر بھی اللہ کا ذکر کرنے

والے اس سے درجہ میں بڑھے ہیں۔

(جامع الترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۷۴)

• حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں نہ بتاؤں کہ کون سا عمل ہے جو تمہارے مالک کے نزدیک اچھا اور پاکیزہ ہے اور تمہارے درجوں میں سب اعمال سے بلند ہے اور تمہارے لیے اس سے بھی اچھا ہے کہ تم اپنے دشمنوں سے لڑو تم ان کی گردنیں مارو اور وہ تمہاری گردنیں ماریں صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ضرور بتلایئے۔ فرمایا وہ اللہ کا ذکر ہے حضرت معاذ بن جبل فرماتے ہیں کہ اللہ کے نزدیک ذکر الٰہی سے بڑھ کر کوئی دوسری چیز اللہ

کے عذاب سے نجات دلانے والی نہیں۔

(جامع الترمذی ج۲ صفحہ ۱۷۴)

• حضرت مغارق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ معراج کی رات میرا گزر ایسے شخص کے پاس سے ہوا جو اللہ کے عرش کے نور میں ڈھانپا گیا تھا۔ میں نے کہا کیا کوئی فرشتہ ہے، مجھے بتایا گیا کہ نہیں۔ میں نے کہا وہ کوئی نبی ہے، کہا گیا کہ نہیں میں نے کہا پھر یہ کون ہے؟ آواز آئی یہ وہ آدمی ہے جس کی زبان دنیا میں ذکر سے تر تھی اور اس کا دل ہر وقت مسجد سے لگا ہوا تھا اور اس نے کبھی اپنے ماں باپ کو گالی نہ دی تھی۔

(الترغیب والترہیب ج۲ صفحہ ۳۹۵)

• حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ بعض قوموں کا حشر ایسی طرح فرمائیں گے کہ ان کے چہروں میں نور چمکتا ہو گا۔ وہ موتیوں کے منبروں پر متمکن ہوں گے۔ لوگ ان پر رشک کریں گے وہ لوگ انبیاء اور شہدا نہ ہوں گے۔ ایک دیہاتی نے گھٹنوں کے بل کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کا حال بیان فرما دیجئے تاکہ ہم ان کو پہچان لیں۔ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ، وہ لوگ ہوں گے جو اللہ کی محبت میں مختلف جگہوں سے مختلف خاندانوں سے آ کر ایک جگہ جمع ہو گئے ہوں اور اللہ کے ذکر میں مشغول ہوں۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد- (صفحہ ۷۷)

• حضرت عمر بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
میں نے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا
ہے۔ آپ فرماتے تھے رحمٰن کے دائیں ہاتھ۔ جبکہ
اس کے دونوں ہاتھ ہی دائیں ہیں — میں
کچھ لوگ ہوں گے جو نہ تو نبی ہوں گے اور نہ ہی
شہید۔ ان کے چہروں پر سفیدی ہوگی جو دیکھنے
والوں کو نظر آئیگی۔ ان پر نبی اور شہید رشک کریں گے۔
بوجہ ان کی (عمدہ) نشست اور اللہ تعالےٰ کے قُرب کے۔
پوچھا گیا :
اے اللہ کے رسول (صلے اللہ علیہ وسلم) !
وہ کون لوگ ہیں؟ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا وہ ایسی جماعتیں ہوں گی جو مختلف قبیلوں
سے نکل کر اللہ کے ذکر پر جمع ہوں گی۔

وہ پیارے کلام کو چھانٹ لیں گی جیسے کھجوروں کو کھانے والا اچھی اچھی عمدہ کھجوروں کو چھانٹ لیتا ہے۔

(مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج۔۱ صفحہ۷۷)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ اگر میں صبح کی نماز پڑھ کر طلوعِ آفتاب تک ایسی قوم کے ساتھ بیٹھوں جو اللہ کا ذکر کرتی ہو، مجھے اس بات سے زیادہ محبوب ہے کہ اللہ کے راستے میں جہاد کرنے کے لیے گھوڑوں کی پیٹھ پر بیٹھوں اتنی ہی دیر اور میں اگر عصر کی نماز پڑھ کر غروبِ آفتاب تک ایسی جماعت کے ساتھ بیٹھوں جو اللہ کا ذکر کرتی ہو، مجھے زیادہ محبوب ہے اس بات سے کہ اتنا عرصہ میں گھوڑوں کی پیٹھ پر بیٹھ کر اللہ کے راستے

میں جہاد کروں۔

(الدر المنثور جلد ۱ صفحہ ۱۵۱)

• حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آسمان کے فرشتے اللہ کا ذکر کرنے والوں کے گھروں کو پہچانتے ہیں۔ ان کے گھر روشن ہوتے ہیں جیسے اہلِ زمین چمکتے ہوئے تاروں کو پہچانتے ہیں۔

(الدر المنثور جلد ۱ صفحہ ۱۵۲)

• حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا، اعمال میں سے کونسا عمل اللہ عزوجل کو زیادہ محبوب ہے، تو آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے جواب فرمایا۔ تجھے موت آئے اور تیری زبان اللہ عزوجل کے ذکر سے تر ہو (یعنی زبان پر اللہ کا ذکر ہو)

(الطیب لابن قیم صفحہ ۷۶)

● حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے صبح وشام اللہ کا ذکر کرنا اللہ کے راستے میں تلواروں کے زخم کھانے سے بڑا درجہ رکھتا ہے اور سخاوت سے مال تقسیم کرنے سے بھی اجر میں زیادہ ہے۔

(الدرالمنثور ، صفحہ ۱۵۰)

● حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اگر دو شخص ایک مشرق سے چلے اور دوسرا مغرب سے روانہ ہو، ایک کے پاس سونا ہو جو جائز طریقہ پر خرچ کرتا ہو اور دوسرا اللہ کا ذکر کرتا ہو اور دونوں راستہ میں آپس میں ملیں تو اللہ کا ذکر کرنے والا ان میں افضل ہوگا۔

(الدرالمنثور ج۲ صفحہ ۱۵۰)

• حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مثال اس شخص کی جو ذکر الٰہی میں مشغول رہتا ہے اور اس شخص کی جو اللہ کا ذکر نہیں کرتا زندہ اور مُردے کی سی ہے۔

(صحیح البخاری ج ۲ صفحہ ۹۴۸)

• حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہؐ نے فرمایا کہ مجھے صبح کی نماز پڑھ کر ایسی قوم کے ساتھ بیٹھنا جو سورج نکلنے تک اللہ کا ذکر کرتی ہو تمام دنیا سے، جس پر سورج طلوع ہوتا ہے، زیادہ محبوب ہے اور عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک ایسی قوم کے ساتھ بیٹھنا جو اللہ کا ذکر کرتی ہو، دنیا و مافیہا سے

سے زیادہ محبوب ہے۔

(الجامع الصغیر للسیوطی ج۲ صفحہ ۱۰۱)

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

والله ذو الفضل العظیم

۶۵۲۵

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :
اللہ کے ذکر میں شفا ہے اور لوگوں کی باتوں میں بیماری۔
ہر کسی نے اسی کی تائید کی اور کوئی نیا حکم لیکر دنیا میں
نہیں آیا۔

* * *

حضرات !
پھر میں یا کوئی اور کیا باتیں اور کیا ملاقاتیں کر سکتے ہیں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

والله ذو الفضل العظیم

۹۵۳۶

ایک دن وہ اُن کو ملنے کے لیے حاضر ہوا

رات کی روٹی کے ٹکڑے تو ے پہ گرم کر رہے تھے
اُسے دیکھ کر بولے اب مجھے بخش دو۔ میرا جی کسی سے
بھی ملنے کو نہیں چاہتا۔

نرانہ منانا۔ تیرے اور کسی کے مطلب کی کوئی بھی
شئے میرے پاس نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

واللہ ذوالفضل العظیم

۔۔۔۔۔ ۵۳۷ ۔۔۔۔۔

تیرا قول تیری زندگی کا اسمِ اعظم

قول سے پھرنا ـــــ اللہ سے پھرنا
قرآنِ عظیم سے پھرنا
میرے آقا ندگی فداہ صلے اللہ
علیہ وسلم سے پھرنا
قول سے پھرنا ـــــ آدمیت و انسانیت و بشریت
کی موت

یا حیّ یا قیوم

قرآنِ عظیم قول ہے
اور قول سے پھرنے والا

کیسے مطمئن رہ سکتا ہے ؟

قول پہ جھنڈا گاڑ

اور دنیا بھر میں لہرا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الراحمین
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٥٢٨

قول پہ استقامت — ارض و سما کی آبرو

قول پہ استقامت — قرآنِ عظیم کی تمکنت

اگر پہاڑ سے کہے : اُٹھ جا ، اُٹھ جائے۔

دریا سے کہے : رُک جا ، رُک جائے۔

قول پہ استقامت
مٹی کو سونا کہے ، ہو جاتے۔

——*——

دل مُردہ ہے۔
مُردے کو کہے زندہ ہو ، ہو جاتے۔
ایک کافر میرے اندر رہتا ہے۔
کافر کو کہے مومن بن ، بن جائے۔

——*——

قول پہ استقامت —— فضلِ عظیم
قول پہ استقامت
مومن کی تقدیر

——*——

تقدیرِ اولیٰ :
اگر اللہ نے مومن کی رضا کو راضی نہ کیا

تو کیوں نہ کیا ؟

قول پہ استقامت

یَا حَیُّ ـــــ کُنْ

یَا قَیُّوْمُ ـــــ فَیَکُوْن

یا حیُّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم

فانہ حی [illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۴۵۲۹

قول اللہ کی امانت ہے

امانت میں خیانت مت کر

یا حیُّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم

فانہ حی [illegible]

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۴۰

کوئی بھی جنس جب نجاست سے مکدّر ہوئی،
معیوب ہوئی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر حافظا
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۴۱

نماز پڑھی
ذکر کیا
دل اب بھی مطمئن نہیں
جوں کا توں
کیوں؟

دل میں کعبہ بھی ہے

بُت شکن بھی

بُت خانہ کے ہر بُت کو توڑ

تمام علائق سے منقطع ہو کر
ذکر میں محو و منہمک ہو
اطمینان و سکون
تیرے اپنے دل کی میراث ہے
اور جو کچھ بھی ہے تیرے اپنے ہی اندر ہے
باہر کوئی چیز نہیں۔

اطمینان و سکون اعلیٰ درجے کی عنایت ہے،
کسی اور طرح نہیں مل سکتی۔ وما علینا الا البلاغ
[illegible]

واللہ ذو الفضل العظیم

۹۵۴۲

بُت خانہ کو مسمار کرنا
حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام
کی قدیم سنتِ مؤکدہ ہے۔

جب تک ایک بھی بُت باقی ہے
کعبہ نہیں کہلاتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۹۵۴۲

محض باتوں سے تو کسی بُت کو کبھی توڑا نہیں جا سکتا!
کوئی ماں کا لال آئے جرأت کر کے توڑے!

ہتھوڑے سے نہیں، کلمہ طیبّہ کے نور کی برکت سے پکڑ پکڑ مجے ۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاقہ عبدالرزاق
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٥٢٤

جس نے توڑا ہو، اُس کی تلاش کر۔ توڑنے والا ہی توڑنے کا گُر بتا سکتا ہے، مطالعہ نہیں - یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاقہ عبدالرزاق
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٥٢٥

مارنا ضروری نہیں، مطیع کرنا ضروری ہے۔

الحمد للحیّ القیوم فاقہ عبدالرزاق
یا حیّ یا قیوم
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۲۶

یا مُصَوِّرُ پڑھ کر ایک قوال بولا!
واہ مصورا اوئے صورتاں بنان والیا!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فانہ خیر الرقیب

وَاللہ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۶۵۲۷

تعجب ہے۔
تیرے کلمات کی ضرب نے کعبہ کے بُت خانہ کو کچر کچر نہ کیا!

ہزار ہا کلماتِ طیبات میں سے تین کلمات سرفہرست ہیں۔

بت کدہ میں
اللہ الصمد بھی رہتا ہے اور شیطان بھی
یا عزیز بھی اور خناس بھی
یا بدوح بھی اور ہم زاد بھی
بلا بھی اور وبا بھی

—•✻•—

اگر ان
سب کے باوجود
وہ
بھی موجود رہیں
تعجب پہ تعجب ہے!

—•✻•—

لا الہ

لا وے

الا اللہ

دلا وے

محمد الرسول اللہ

بلا وے

یا بدوح

تو لا وے

یہ عمل مخصوص ہے

بلا اجازت ، مطالعہ ہی کی بنا پر

پڑھنے کی جسارت نہ کریں

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم

عاملہ حسبہ الرقیب

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۶۵۲۸

خانقاہ میں ذکر ہوتا ہے، سیاست نہیں ہوتی۔
جہاں سیاست ہوتی ہے، ذکر نہیں ہوتا۔

وما علینا الا البلاغ

الحمد للحی القیوم
واللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۵۲۹

خانقاہ میں
سُود و زیاں کا سودا نہیں ہوتا
اور کل کے لیے کوئی حساب نہیں ہوتا
اِدھر سے لیا جاتا ہے، اُدھر دیا

طریقت اِلی اللہ کا یہ قدیم ترین مسلک

جب تک نافذ العمل رہا، جگمگاتی رہی
یہاں تک
کہ مجاہدہ سے بھی مستغنی رہی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر حافظا رفیق
والله ذو الفضل العظیم

۶۵۰

بیوہ و یتیم و نادار و لاچار و بیمار کے لیے
جو رزق اللہ نے تجھے عنایت فرمایا، تیرے عیش و عشرت
کے کام آیا۔ طریقت بلک بلک کے روئی۔

کسی نے قسم کھا کر بتایا۔
ایک کتے کے علاج کے لیے انگلستان سے ڈاکٹر
بلایا۔
اتنے روپے کہاں سے ملے، کس نے دیے؟۔

میں نے تو کبھی کوئی محنت نہیں کی۔
زردہ پلاؤ کھاتا ہوں، مزے اڑاتا ہوں۔

——*——

یہ دور کورانہ تقلید کا نہیں، بالکل نہیں۔
دن کو دن اور رات کو رات کہنے کا ہے۔

——

اگر تو اب بھی ان خرافات و واہیات
سے باز نہ آیا تو دَور خود بخود مجبور کر دیگا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للہ علیٰ احسانہ
الحمد للہ الرحمٰن الرحیم

واللہ ذو الفضل العظیم

۵۱۶۵

تیرا کھانا بیماروں کی طرح ہوتا،

اب بھینے کی طرح !

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ حسیب ورقیب

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۵۲

اللہ کے ذکر کے سوا ہر ذکر بند کر دو
اللہ کے لیے اللہ کی راہ میں لڑنے والے
مجاہد کی ہر شئے اللہ اور صرف اللہ ہی کے
حوالے ہوتی ہے اور اللہ ہی اسکا محافظ ونگہبان

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الراحمین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۵۳

ہر شئے میں نور نازل ہوتا ہے۔

جب ذات نازل ہوتی ہے، اللہ اللہ ماشاءاللہ کہیں نہیں سماتی۔ ارض و سما کی ہر شئے اپنی مجبوری ظاہر کر دیتی ہے۔ او ڈرک مجاہد کے دل میں سما جاتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

۶۵۵۴

تیری راہ میں تیرے لیے لڑنا اور مرنا کوئی معمولی بات ہے؟ عنایت کی حد ہے، ماشاءاللہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

۶۵۵۵

آسمانِ طریقت پر ہمیشہ جگمگاتے رہتے ہیں
تم کیوں بجھ گئے -؟

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۵۵۶

شاہانہ دبدبہ تو تجھے ڈرانے اور دھمکانے
کے لیے ہے اور کچھ بھی نہیں -

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۵۵۷

سیّدنا مُطَہّرؐ صلے اللہ علیہ وسلم

مطاہر پاک کیا کرتی ہے۔

عصا

مطاہر میں شامل ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

[illegible]

یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ سے یَا اَحَدُ

اَللّٰہُ الصَّمَدُ سے یَا صَمَدُ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

سے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اس سے عظیم تر اور کوئی کلام نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۶۵۵۹

بندہ ہی تو ہے، گھبرا جاتا ہے ورنہ کوئی بات نہیں ہوتی۔ یاحیُّ یاقیُّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۶۰

یہ ذکر کی محفل ہے
یہ دُنیا کی مجلس۔
ذکر کی محفل میں شفا ہوتی ہے
دنیا کی باتوں میں بیماری۔
ان دو میں سے جو بھی چیز آپکو پسند ہو، لو

یاحیُّ یاقیُّوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۵۹۱

زندگی جب موت و قبر و برزخ و حشر سے بہرہ ور ہوئی، زوال و کمال سے بے نیاز ہوئی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۵۹۲

فقیر کی وراثت یہ ہے کہ اللہ کی ہر شے کو اللہ کے حوالے کر اور ماسوا سے بے نیاز ہو۔

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۵۶۴

ہماری ایک قلمی کتاب کا ایک وظیفہ

❊

اوّل پیدا نورِ محمد ﷺ
بعدوں خلق جلی
ابوبکرؓ عمرؓ تے عثمانؓ
پڑھ اسداللہ نادِ علیؓ

❊

نعرہ کریں، پہاڑ جو کانپیں
نیزہ پکڑیں، دھرت ہلی

❊

✿

ڈُلدل تے چڑھ کھینچاں دلیں
در خیبر دا توڑ علی

✿

صَم صَم قُم قُم الجبرؐ وا چے
دل کافر کا کلی ملی !
ذوالفقار کرِ اقرار
کافر کر دے ذری ذری

یا حیّ یا قیّوم

[illegible]
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

✿

۶۵۶۴

افکارِ قدسیہ

جس کام کو کرنے کے لیے
تجھے بھیجا گیا ہے
کر

یا حی یا قیوم

*

کسی اور کی تو مجھے کوئی خبر
نہیں، یہ بندہ اللہ کے
ذکر ہی کے لیے بھیجا گیا
ہے۔ یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم واللہ ھو الرزاق

وَاللہ ذُو الفضلِ العظیم

۹۵۶۵

ذکرِ الٰہی جہادِ اکبر ہے

ہم جہادِ اکبر کے لیے جا رہے ہیں

اس جہاد میں نیزے اور تلواریں نہیں ہوتیں ،

تسبیحات ہوتی ہیں۔

جہاد میں لڑنا ——— مجاہد کا کام

فتح و نصرت ——— میرے اللہ کے ہاتھ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم

فالله خیر الرازقین

والله ذو الفضل العظیم

۶۵۶۶

ہم اللہ کے لیے اللہ کی راہ میں لڑ رہے ہیں۔
نفس و شیطان ہمارے مدِّ مقابل ہیں۔
یہ ہو سکتا نہیں، ہو سکتا ہی نہیں
کہ شیطان ہم پہ غالب ہو۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاعتبروا یا اولی الابصار

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۶۷

قضا کا ٹلنا اگرچہ حکمتِ قدرت ہی پہ موقوف ہوتا ہے، پھر بھی میرے آقا قاسم الخیرات الحسن روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی کمال سفارش و شفاعت کی عنایت سے، رحمت، قضا کو لپیٹ کر، اجل کی ٹھنی میں بند کر دیتی ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاعتبروا یا اولی الابصار

واللہ ذوالفضل العظیم

٦٥٦٨

مسجد میں دُنیاوی اُمور پر گفت وشُنید حرام نہیں تو کیا ہے ؟

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

٦٥٦٩

جس طرح کام کرنے والے کو پیچھے بیٹھنا مُشکل ہوتا ہے اسی طرح بیٹھنے والے کو کام کرنا ۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

٦٥٧٠

یہ ذکر ہے ، باقی سب سیاست

اور سیاست میں ذکر کے سوا ہر شے شامل ہوتی ہے۔ یا حیی یا قیوم

المستمد للحی القیوم
عائلہ حسب الرقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٥٨١

برہمن تنسی کی پوجا کرتا ہے اور پیپل کی بھی اسی لیے کسی رام کو نہیں مانتا، سوائے مطلب کے۔ یا حیی یا قیوم

المستمد للحی القیوم
عائلہ حسب الرقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٥٨٢

طریقت کی منزل
ابتدا سے انتہا تک

رنگا رنگ ابواب سے بھرپور ہوتی ہے
اعتراض مت کر
نکتہ چین مت بن
اگر یہ نہیں کر سکتا
ان کے پاس مت بیٹھ

یا حی یا قیوم

المفتقر علی القیوم
عافہ حسد رقہ

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۹۵۴

جھوٹ
غیبت
چغلی
حسد
سے باز رہنا ہماری منزل ہے۔

باز رہ کر ہی اسے حاصل کر سکتا ہے
کسی اور طرح کبھی نہیں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۷۴

اگر کوئی برسات کے موسم میں
رج کر پیاز اور بعد میں گڑ کھاتے
صحت و قوت کے لحاظ سے غذائیت سے بھرپور

پرانے زمانے کے پہلوان بھی کھایا کرتے۔
حکماء کرام تصدیق و تائید فرمائیں۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

٦۵٧۵

تو نے بندے کو اپنی صورت پہ پیدا کیا۔
اپنی ہی آنکھ سے دیکھا کر اور اپنے ہی
کان سے سنا۔ یا حی یا قیوم

[illegible]
[illegible]
واللہ ذو الفضل العظیم

٦۵٧٦

کوئی ایسی زمین نہیں جس کا کوئی مالک نہ ہو
اور کوئی ایسا پرندہ نہیں جو موروثی نہ ہو

*

کوئی پرندہ آوارہ نہیں، مخصوص مقام پر متعین ہے۔
گھر گھر اور کھیت کھیت میں پرندے نامزد ہوتے ہیں

*

یہ پرندوں کا کھانا، دانا دنکا اور کیڑے مکوڑے ہی نہیں،

یہ گردو نواح کے سینیٹری انسپکٹر ہیں۔ لگ جو کھا کر پھینک دیتے ہیں، جو کھانے کے قابل نہیں ہوتے یا کھاتے کھاتے گر جاتے ہیں، ان کے کھاجے ہیں۔　یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر رقیبا
واللہ ذو الفضل العظیم

۹۵۷۷

شیعیت جو قرآن کی تفسیر نہیں تو کیا ہے؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر حافظا
واللہ ذو الفضل العظیم

۹۵۷۸

محدّث حدیث کا عامل ہوتا ہے

ملعون و مُردار سے اجتناب اس کی منزل

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
عالمہ حسبنا الرقیب

وَاللہُ ذُو الفضل العظیم

۴۵۸۹

شمع کے گرد گھومنا پروانوں کی زندگی ہوتی ہے
اور پروانہ کبھی شمع سے دُور نہیں ہوتا -
ہو سکتا ہی نہیں -

یہ پروانے ہیں یا بھُونڈ ، جو شمع کو پاکر بھی
ٹس سے مس نہیں ہوتے - ؟

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
عالمہ حسبنا الرقیب

وَاللہُ ذُو الفضل العظیم

۶۵۸۰

یہ چیزیں اور کل چیزیں میرے لیے اور میرے نزدیک کوئی چیز نہیں ۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
عاقہ محمد الزاہد

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۸۱

تمام رشتے ـــــ نفس کے رشتے
نفس ہی کی بدولت
اور نفس ہی ان میں کارفرما

ـــ٭ـــ

ہر کوئی حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا بیٹا ۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم عاقہ محمد الزاہد

واللہ ذوالفضل العظیم

روح ـــــ اللہ کا ذاتی نور
امر ربی
اور ـــــ نفس سے بیزار
یا حی یا قیوم

المعتمد بحی القیوم
[illegible]
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۸۲

اصل خمیر ـــــ مٹی
پانی، آگ اور ہوا کے باعث ہیجان
ہوا ان سب پہ حاوی
معتدل رکھ اور

معتدل رکھنا حکیم کی کمال حکمت پہ موقوف ۔

یا حیی یا قیوم

المعتمد للحی القیوم
فاتہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۶۵۸۳

جو ایک کو مل کر مطمئن نہیں ہوتا،
کہیں نہیں ہوتا۔ یا حیی یا قیوم

شہر میں کئی دربار ہوتے ہیں ۔ ایک پہ
حاضری دیا کرو۔ یا حیی یا قیوم

المعتمد للحی القیوم
فاتہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۶۵۸۴

اگرچہ نادار و لاچار و بیمار کے لیے ادویات پیش کرنا کسی بھی طرح اِسراف میں شامل نہیں، پھر بھی احتیاط، ضروری ہی نہیں، لازم و ملزوم ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاطمہ حسین الکار قیوم
والله ذوالفضل العظیم

۶۵۸۵

حیلہ کرنا بندے کی فطرت ہے جو کچھ بھی نہیں کرتا، یہ بھی ایک حیلہ ہے۔ سچ پوچھو تو ہر حیلے سے بہتر۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاطمہ حسین الکار قیوم
والله ذوالفضل العظیم

۶۵۸۶

حال کی کلام میں فیض ہوتا ہے۔
جو ایک پہ اکتفا نہیں کرتا،
کسی پہ بھی نہیں کرتا۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۵۸۷

ہر کلام میں صرف ایک ہی روح کارفرما ہوتی ہے

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۵۸۸

پرانے زمانے کے بادشاہ بنفسِ نفیس

میدانِ جنگ میں بادشاہوں سے لڑا کرتے
تھے جیسے پورس کے ساتھ سکندر

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله حمداً لا رقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٥٨٩

ارض وسما کی ہر شے میں تحت الثریٰ سے لے کر عرشِ عظیم
تک یا حیی یا قیوم کا نُور رچا اور لبا ہوا ہے۔
جو اسے پکارتا ہے اگرچہ وہ پہلے ہی ہر وقت موجود ہے
پکارنے والے کے پاس موجود ہوتا ہے ۔۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله حمداً لا رقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٥٩٠

ذکر حال سے ہے

حال پہ وارد ہوتا ہے۔

ماضی کے خیالات

خناس کے وساوس ہوتے ہیں۔

دُور کر۔ یا حیی یا قیوم

المحتشد للحی القیوم
حافظ حمید الرزاق

واللہ ذوالفضل العظیم

۹۶۹۱

ذکر کا کمال ——— خنّاس کے وساوس

کا خاتمہ اور یہی انوارات کی اصل۔

یا حیی یا قیوم

المحتشد للحی القیوم
حافظ حمید الرزاق

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۵۹۲

اگلا قدم پچھلے سے بہتر ہوتا ہے

پچھلے میں عبرت ہوتی ہے، اگلے میں استقبال

عبرت ـــــ غفلت کا ازالہ

اور استقبال ـــــ عزم بالجزم

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظیم

۶۵۹۳

سب کچھ کرتے ہو
نماز کیوں نہیں پڑھتے؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظیم

۶۵۹۴

الف کو ڈرنا چاہیئے تھا نہ کہ ب کو

ابھی تک نہیں ڈرے ، اب ڈرو

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر حافظا
والله ذوالفضل العظیم

۶۵۹۵

کنجوسی کی حد

چلتے چلتے ایک کنجوس کے پاؤں میں کانٹا چُبھ گیا۔ دیکھ کر بولا : گھر جا کے کڈھاں گے تے پالن بناواں گے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الراحمین
والله ذوالفضل العظیم

۹۵۹۲

ارد گرد جنگل ہے
نہ ہو، تو بالن اکٹھا کر لایا کرو۔

یں نے لگاتار بارہ سال کریر کاٹا،
اکٹھا کیا، سر پہ اٹھایا اور کھانا پکانے کے
لیے کریروں کے بالن کا ڈپو بنایا ہوا تھا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
عاقبۃ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۹۵۹۷

محبت سے نہیں، غور سے دیکھنے والا نکتہ چین
ہوتا ہے اور کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم عاقبۃ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۶۵۹۸

جس حال میں بندہ صبح کیا کرتا ہے
اسی حال میں شام
وما علینا الا البلاغ

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
واللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۵۹۹

ذکر جب بند ہو جاتا ہے، خناس اپنا راگ
الاپنے لگتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
واللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۰۰

تو نے اسلام قبول کیا

مبارک ہو!
کماؤ اور کھلاؤ

کسی کا دستِ نگر مت بنو۔
یہی اسلام کی تعلیم ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرّازقین
والله ذو الفضل العظیم

۶۶۰۱

جب تک کوئی باب مکمل نہیں ہوتا، بیان
جاری رہتا ہے یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرّازقین
والله ذو الفضل العظیم

۶۶۰۲

کسی نے بھی کسی کو کبھی نہیں دیکھا۔
جس نے بھی دیکھا، جب بھی دیکھا،
اور جس بھی مقام پر دیکھا، اپنے شیخ
ہی کو دیکھا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
[illegible]
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۰۳

آدمی کو آدمی کہنا ہی کافی ہوتا ہے
آدمیت کا اصل تخلص "گنہ گار و ذلیل"
ہے، کچھ اور زیب نہیں دیتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الراحمین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۰۴

بے تکلفی میں بے اَدبی کا اِمکان ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرازقین

والله ذو الفضل العظیم

۶۶۰۵

ذکرِ الٰہی جہادِ اکبر ہے
جہاد سے بھاگنا حرام نہیں تو کیا ہے؟

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرازقین

والله ذو الفضل العظیم

۶۶۰۶

فقیر کے سوا کسی نے بھی اس دُنیا کی کوئی بھی چیز کبھی تک

نہیں کی، جُوں کی تُوں قائم رکھی۔ جب تک اِس ملعون و مُردار سے کُلیتاً دست بردار نہیں ہوتا، اگلا باب کیونکر کھُل سکتا ہے؟

وما علینا الا البلاغ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فالله حسبنا فحسب
والله ذوالفضل العظیم

۹۹۰۷

حیران ہوا
مَیں مُردار کھاتا ہوں
نوچ نوچ کر کھاتا ہوں
جی بھر کر کھاتا ہوں
دن بھر کھاتا ہوں

سیر نہیں ہوتا
بھوک جوں کی توں باقی رہتی ہے
اور مجھے کراہت نہیں آتی -
ہائے ہائے ! !
بتا ! میں آدم خود نہیں تو کیا ہوں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ حسبنا اللہ رحیم

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۰۸

قرآنِ عظیم اور سُنتِ مطہرہ کا حاصل :-
ملعون و مردار سے اجتناب
یہ نہیں تو کچھ بھی نہیں - یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ حسبنا اللہ رحیم

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۹

اللہ حق ہے، کبھی ناحق نہیں کرتا۔

اللہ بندے پر احسان فرماتا ہے،
بندہ اسکی قدر نہیں کرتا۔

اپنی تدبیر پر ڈٹا رہتا ہے۔
بندہ کی تدبیر ناقص اور شیطان وخناس اُس کے مشیر

اللہ جو کرتا ہے، اسی میں بندہ کی بھلائی ہوتی ہے۔

اللہ کو رب کو مان اور کہہ:
اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِهٖ شَیْئًا

جونہی کسی نے مانا، وہ مان گئے۔

اور تدبیر دیکھتی ہی رہی۔

وما علینا الا البلاغ

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیوم
حافظ حمید الرحمٰن

واللہ ذو الفضل العظیم

٦٦١٠

قیامت تک زندہ اور قائم رہنے والا تذکرہ
ہر اعتبار سے ایک نادر نمونہ ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیوم
حافظ حمید الرحمٰن

واللہ ذو الفضل العظیم

٦٦١١

سب سے بڑا ہوشیار

سب سے بڑا بیوقوف

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۱۲

جاہل کئی اعتبار سے اور بے شمار اعتبار سے
خوش نصیب ہوتا ہے، اور دائمی خوش بخت۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۱۳

فرعون جب نیل میں غرق ہونے لگا تو مجبور
ہو کر کہا۔
میں نے موسیٰ کے ربّ کو مانا۔

مجھے ڈوبنے سے بچا۔

جبرائیل نے اس کے مُنہ میں کیچڑ بھر دی۔

کُفرِ شدید کے باعث توفیق نہ ملی۔

ورنہ اگر اس وقت بھی صدقِ دل سے یہ کہہ

دیتا کہ میں نے اپنے ربّ کو مانا،

ربّ کبھی رد نہ فرماتا۔

ربّ بڑا ہی غفور الرحیم ہے۔

اور اس کی غفاریت کسی بھی انداز سے مخلوق

کے فہم و ادراک میں نہیں آسکتی !

——— سمجھ سے بالا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للہ علیٰ الکرم
فالحمد للہ ...

وَاللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۶۶۱۴

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم !
آج ۱۴ اگست ہے۔ آج کے دن بھٹنڈا سے
لے کر راجپورہ تک مسلمانوں کا قتلِ عام جاری تھا
اور میں موجود تھا۔

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم !
کیسے بتاؤں اور کیا بتاؤں کہ آج اس وقت کیا ہو رہا
تھا۔ وحشت و درندگی کے ایسے مناظر تاریخ نے اس سے
پہلے کم ہی دیکھے ہوں گے۔ فاتحانہ قہقہوں کے ساتھ
معصوم شیر خوار بچوں کو نیزوں پہ اچھالا گیا —— جیسے
خونخوار درندہ اپنے شکار کو اچھالتا ہے —— اسے
بے بس پاکر اس سے کیا کیا کھیل کرتا ہے !
پردہ دار خواتین جنہوں نے کبھی گھر کی دہلیز سے قدم
باہر نہ رکھا تھا، کتنی بے چارگی کے عالم میں ·

گھر سے بے گھر ہوئیں۔ راجپوتہ سے امرتسر تک ہر ریلوے اسٹیشن پہ شہید کی جانے والی عزت مآب بیٹیوں کے کٹے ہوئے لٹکتے ہوئے سر، انہی کے بالوں کے ذریعے درختوں پہ آویزاں کیے گئے اور ان کے کٹے ہوئے لٹکتے ہوئے ہاتھوں پہ خون سے "جے ہند" کے الفاظ لکھے گئے ...... یہ انسانی وحشت و درندگی کی انتہا تھی۔

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم!

کسی کی عزت محفوظ رہی نہ آبرو۔ انسانی عصمت، انسان نما درندوں کی ہوس کا شکار ہو گئی اور اس وقت غیرت مند قوم کی غیرت مند بیٹیوں نے اپنی عصمت بچانے کے لیے جو کچھ کیا اس کے تصور ہی سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ کسی نے اپنے آپ کو چھری مار کر ختم

کر ڈالا اور کسی نے پتھر سے اپنے ہاتھوں اپنا سر کچل لیا۔ اور کچھ نہ ہوسکا تو ساگ چیرنے والی درانتیوں سے ہی اپنے گلے کاٹ ڈالے۔ پناہ گاہ نہ ملی تو کنووں میں چھلانگیں لگا دیں اور نہروں میں ڈوب گئیں۔ چھتوں سے کود کر اپنی زندگی کا چراغ بجھا دیا لیکن دامنِ عصمت کو داغدار نہ ہونے دیا۔ باپ کی عزت اور بھائی کی غیرت نے خود کو مجبور پایا تو اپنی ہی بیٹیوں اور بہنوں کو اپنے ہی ہاتھوں ختم کر ڈالا اور غیرت کی موت کو بے غیرتی کی زندگی پر ترجیح دی۔

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم!

اُس وقت اِس اُمّت پر کڑا وقت طاری تھا۔ ہندوستان بھر میں مسلمانوں پر ان کے اپنے ہی وطن کی زمین تنگ ہوگئی تھی۔ جن گلی کوچوں میں وہ پلے اور بڑھے

تھے، کس مپرُسی کے عالم میں آج وہ ان سے نکلنے پہ مجبور تھے۔ لُٹے پٹے قافلوں کی صورت میں سفر کے دوران بھی موت ہر کہیں ان کا پیچھا کر رہی تھی۔ درندوں کے خون سے ہولی کھیلی جا رہی تھی اور بے گور و کفن لاشیں خاک و خون میں لت پت، اِدھر اُدھر بکھری پڑی تھیں۔ بے بسی اور بے کسی کے اس عالم میں کوئی کسی کا پُرسانِ حال نہ تھا۔

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم!

چاروں طرف آگ بھڑکی ہوئی تھی جس میں زندہ جانیں صرف مسلمان ہونے کی وجہ سے جلائی جا رہی تھیں۔ آگ لگانے اور بھڑکانے والے ہزاروں تھے، بجھانے والا کوئی نہ تھا۔

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم!

میں یہ دردناک منظر دیکھ رہا تھا اور میری آنکھیں،
ان مظلوموں کے حالِ زار پہ آنسو بہا رہی تھیں۔ اس
دن ہی کے روح فرسا منظر کو دیکھ کر زندگی نے
دنیا کو اپنے لیے حرام قرار دیا۔
میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم!
اس سے زیادہ لکھنے کی اس بندہ میں سکت نہیں۔

یا حیّ یا قیوم

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم!
آپ کے پروانوں نے اس بے کسی کی حالت میں
بھی غیرت کے کیا کیا نمونے پیش کیے!
ہجرت کے دوران سدھواں جگراؤں ضلع
لدھیانہ میں مہاجرین کا کیمپ تھا ایک دن چند
ڈوگرے سپاہی گیس لیے کیمپ میں آدھمکے۔

ایک بوڑھے مسلمان کی نوجوان لڑکی کو بازو سے پکڑ لیا
اور اپنے ساتھ چلنے پر مجبور کرنے لگے۔ ابھی وہ
دو ہی قدم چلے ہوں گے کہ ایک نوجوان جو پولیس
کی تین فیتے والی قمیض پہنے بیٹھا کھانا پکا رہا تھا،
لپک کر اٹھا۔ ادھر اُدھر دیکھا، کوئی ہتھیار نظر نہ
آیا تو چولہے سے جلتی ہوئی ایک کھلپاڑی کھینچ لی اور
اس جوش سے ان کے سر پر جا دھمکا کہ ان کے اوسان
جاتے رہے اور وہ ہکا بکا اسے تکتے رہ گئے۔ اس
نے آگے بڑھ کر ایسے زور سے وہ کھلپاڑ ایک
ڈوگرے سپاہی کے سر پر ماری کہ اس کا سر ککڑی
کی طرح پھانک پھانک ہو گیا اور وہ زمین پر گرنے
سے پہلے ہی جہنم میں جا پہنچا۔
اگرچہ اس سپاہی کے ایک ساتھی کی گولی سے وہ

غیرت مند نوجوان شہید ہو گیا لیکن ایسی دھاک بیٹھ گئی کہ
پھر کسی ڈوگرے کو کیمپ میں داخل ہونے کی جرأت
نہ ہو سکی جبکہ یہ کیمپ کئی ماہ تک وہاں رہا۔ ایک
شہادت کی برکت و عظمت پورے کیمپ کی عصمت
کی پاسبان بن گئی، ماشاءاللہ!

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم!
میں اپنے ہم وطن اُن بچوں کے جذبۂ ایمانی کو سلام
کرتا ہوں جنہوں نے راہِ حق میں اپنی جانوں کا نذرانہ
پیش کر کے ملت کو ہمیشہ کے لیے سربلند کر دیا۔
اُن عفت مآب خواتین اسلام کو سلام کرتا ہوں
جنہوں نے اپنی جانوں پہ کھیل کر ملت کی آبرو کو بے
آبرو نہ ہونے دیا۔

اُن باہمت نوجوانوں اور جواں ہمت بوڑھوں کو

سلام کرتا ہوں جنہوں نے اپنا سب کچھ قربان کر کے
ملی غیرت و حمیت اور حُریت کے جذبے کو
ہمیشہ کے لیے مٹنے سے بچا لیا۔
میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم !
کسی پہ اپنی پیاری چیز کو قربان کرنا وفا کی حد اور اپنی
جان تک قربان کر دینا فدا کی حد ہے۔ آپ کی اُمت
کے ان سب باوفا شہیدوں کو ہم خاک نشینوں کا
انتہائی محبت و عقیدت بھرا سلام قبول ہو۔
میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم !
یہ قربانی اسلام کے لیے دی گئی۔ قبول فرما کر اس کا
لیل بالا فرمائیں۔ آمین
بیشک جانیں قُربان کرنے والے اور اسلام کی
خاطر اپنے گھر بار چھوڑنے والے یہ اہلِ اسلام —

اگر توحید سے منہ موڑ لیتے اور بتوں سے رشتہ جوڑ لیتے، اور لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بجائے ان کی زبانوں پہ "مہری ادم مہری ادم" کے کلمات جاری ہو جاتے تو اپنے ہی وطن کی سرزمین ان پہ لیں تنگ کی جاتی۔ مبارک ہو ان سب کو جو شعلوں سے ٹکرا گئے مگر ایمان کی دولت کو ہاتھ سے نہ جانے دیا، جنہوں نے مظلومیت کی موت قبول کرلی لیکن کفر کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دیا۔ حق کی خاطر بے گھر ہونے والوں اور راہ حق میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو قرآن کریم کا یہ مژدۂ جانفزا مبارک ہو۔

"سو جن لوگوں نے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے

اور لڑے اور قتل کیے گئے، میں ضرور ان سے ان کے گناہوں کو دور کروں گا اور انہیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے (درختوں کے) نیچے سے نہریں جاری ہیں۔ یہ جزا ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ ہی کے پاس اچھا اجر ہے ،،

(آل عمران : ۱۹۵)

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم !
یہ کبھی ہو سکتا ہے کہ یہ خون رنگ لائے ! ضرور لائے گا، لاکر رہے گا اور کبھی رائیگاں نہیں جائے گا۔ ہجرت کے بعد نصرت اور شکست کے بعد فتح، مومن کے ایمان کا وہ جزو ہے جسے کوئی کبھی نہیں جھٹلا سکتا۔
میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم !
کس نے کسی کا کیا بدلہ چکانا ہے ؟ مُردے ہی مُردوں کا بدلہ چکایا کرتے ہیں۔

الحکمۃ لمن اتبع والله میزان یقید
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ
یا حی یا قیوم

۶۶۱۵

کتاب ــــــ تھیوری

عمل ــــــ پریکٹیکل

وما علینا الا البلاغ

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الراحمین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۱۶

کوئی بندہ کسی بھی نقل و حرکت پہ مطلق قدرت نہیں رکھتا، حکم کا پابند ہوتا ہے جو حکم ملتا ہے ــــ کرتا ہے، کرنے پہ مجبور ہوتا ہے۔ وما علینا الا البلاغ

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۹۶/۷

مطمئن رہ! اللہ کی قسم! اللہ کے حکم کے بغیر، کوئی بھی مخلوق، کچھ بھی کرنے پہ مطلق قدرت نہیں رکھتی۔

یہی معراج کی حقیقت تھی کہ روبرو ہو کر فرمانا تھا۔

یا حی یا قیوم

واللہ اعلم بالصواب

وما علینا الا البلاغ

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الراحمین

واللہ ذو الفضل العظیم

۹۶/۸

حق ہی حق کا نمونہ دیا کرتا ہے، باطل نہیں۔

حقیقت جب بھی کسی نے

کی طلب گار ہوئی، فقر ہی نے پیش کیا۔

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
[illegible]
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۱۹

محبت اور فقر میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔

محبت، فقر کی روح اور
فقر، محبت کی آبرو ہے۔

محبت گھات میں رہی
جب تک فقر میدان میں نہ آیا
کوئی بازی نہ لگی۔

محبت کی بازی فقر ہی نے لڑی
جی کھول کر لڑی اور
جان توڑ کر لڑی۔ یاحیّ یاقیوم

المعتقد للحق القیوم
حافظ حمید اللہ رقیب
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۲۰

اللہ کے لیے، اللہ کی راہ میں، محبوب ترین چیز کو قربان کر دینا اعلیٰ درجہ کی قربانی ہے۔

اور ساری دنیا کی ساری چیزیں دنیا کو محبوب ہوتی ہیں خواہ سُوئی ہو یا دھاگہ۔

فقر، ہر چیز کو ———— محبوب ہو نہ ہو — قربان

کر کے ہی میدان میں آتا ہے، یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۲۱

خوشی و غمی ایک رسم ہے ورنہ نہ کوئی کسی کی خوشی میں خوش ہوتا ہے، نہ غمی میں مغموم

انسان اپنی ہی خوشی میں خوش اور اپنے ہی غم میں مغموم ہوتا ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۲۲

جو دفتر بند ہو جاتا ہے، اس کا عملہ بھی اسکے

ساتھ رخصت ہو جاتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
والله حسیب الراقم
والله ذو الفضل العظیم

۹۹۲۳

کلام کوئی بھی ہو، استقامت و استقلال سے
زندہ اور قائم رہتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
والله حسیب الراقم
والله ذو الفضل العظیم

۹۹۲۴

قُربِ بُعد کی حقیقت

جو "کسی" کے قریب ہوا
ماسوا سے دُور ہوا

قُربت میں دُوری نہیں ہوتی،

حضوری ہوتی ہے اور
حضوری میں سر کھجلانے اور دم مارنے
کی بھی جرأت نہیں ہوتی مبادا ناگوارِ
خاطر ہو۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفضلِ العظیم

٦٦٢٥

کسی کے بھی حضور میں حاضر رہنا
آزادی کا خاتمہ۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفضلِ العظیم

٦٦٢٦

کسی کا کسی کے حضور حاضر رہنا

مشکل ترین اور اہم ترین فریضہ ۔ یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۹۲۷

عدل کرے ــــــ ہر کوئی مرے
فضل کرے ــــــ ہر کوئی ترے
فضل مانگ!

واللہ ذوالفضل العظیم

یاحی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۹۹۲۸

وَھُوَ مَعَکُمْ

مجوری کا نہیں، حضوری کا مقام ہوتا ہے۔

یاحی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۴۴۲۹

وَهُوَ مَعَكُمْ

ہر وقت موجود
دل کے اندر کی آواز سے باخبر
دیکھتا تو ہے، پر دکھائی نہیں دیتا۔
سُنتا تو ہے، پر سُنائی نہیں دیتا۔
ایسی حضوری دم بھر کے لیے مژدۂ جانفزا
ہمیشہ ناقابلِ برداشت! یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۶۶۳۰

جو شکر نہیں کرتا ، صبر بھی کبھی نہیں کرتا۔
شکر ہی کی بدولت صبر عنایت ہوتا ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد لمن الشکر واللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۳۱

قرآنِ عظیم کی تعمیل میں استغفر اللہ کہہ
کافی ہے ۔ یا حیی یا قیوم

الحمد لمن الشکر واللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۳۲

شکر عبدیت کی بندگی اور معبودیت کا دلپسند اخلاق۔

یا حیی یا قیوم الحمد لمن الشکر واللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۳۳

پیغام ہنوز تشنہ است

پیغام وہ ہے جو زندگی کے ہر رنگ میں رنگ بھر دے۔ ایسا رنگ جو سرمدی ہو، کبھی نہ اترے۔

ابدی حیات کا رنگ ہی ابدی ہوتا ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم عائشہ عبدالرشید

وَ اللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۶۶۳۴

نفرت ——— حرام

اِکرام ——— فرض

حرام کو حرام اور فرض کو فرض جان۔

یا حی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم عائشہ عبدالرشید

وَ اللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۶۶۲۵

وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

اَللّٰهُمَّ یَا قَدِیْرُ تَمَدَّرْتَ بِالْقُدْرَةِ

وَالْقُدْرَةُ فِیْ قُدْرَتِ قُدْرَتِكَ یَا قَدِیْرُ

قدر کیا ہے؟

و۔ قدرِ قدیر کا ارادہ ہے۔

و۔ قدر قسمت کا ایک باب ہے۔

و۔ ستر بار بھی روز تبدیل کرے قادرِ مطلق کو کوئی روک نہیں سکتا۔

اور یہی حقیقت کی تفسیر ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۲۶

إن اللهَ علی کُلِّ شیءٍ قدیر

و ہو علی کُلِّ شیءٍ قدیر

کی تشریح جاری ہے۔

کوئی بھی مخلوق انسان ہو یا جن کسی بھی قوت و قدرت پہ مطلق قادر نہیں، قادر ہی کی قوت و قدرت پہ موقوف ہے۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۶۶۲۷

اَلصمت ــــــــــ مجمع الصفات

اَلصمت ــــــــــ منبع البرکات

اَلصمت ــــــــــ کثیر الحسنات۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

مقالاتِ حکمت
جلد ہشتم
٦٦٣٨
الصمت التام
بخير انعام
الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم
وآخر دعونا ان الحمد لله رب العالمين

مقالاتِ حکمت
جلد ششم
رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○
سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○
وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○
آمین
امروز سعید و مسعود مبارک جمعۃ المبارک ۲ر رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ المقدس
فقیر محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ
المستفیض دارالاحسان چک ۲۴۲ ر ب دسوہہ سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پاکستان
فون نمبر ۴۲۲۰۰